

دلائل الخيرات

للشيخ محمد بن سليمان الجزولى رحمه الله

ترتيب و تحقيق

مفتى سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعة العلوم الاسلامية

علامه بنوري تاؤن

الميزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

دلائل الخیرات

للشیخ محمد بن سلیمان الجزولی رحمہ اللہ

باہتمام

مفتی سعد عبدالرزاق

فاضل جامعہ فاروقیہ

متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

المیزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

کتاب کا نام

دلائل الخیرات

تاریخ اشاعت ــــــــ ۲۰۲۳ء

صفحات ــــــــ ۲۳۲

باہتمام ــــــــ مفتی سعد عبد الرزاق

ناشر

المیزاب پبلشرز

کراچی، پاکستان

عرض مرتب

اولیاء اللہ کا قول ہے کہ ہم نے جو کچھ پایا وہ درود شریف کی بدولت ہی پایا اور ظاہر ہے کہ نجات اور تمام بھلائیوں کا سب سے بڑا سبب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجود بابرکت ہی ہے، جن کے سر مبارک پر اللہ تعالیٰ نے محبوبیت کا تاج سجایا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام بھیجنا تمام خوبیوں اور بھلائیوں کی کنجی ہے، صلوٰۃ وسلام پر ہر زمانے کے اہل اللہ نے کتابیں تالیف فرمائیں، مگر حضرت سید احمد بن سلیمان جزولی رحمۃ اللہ علیہ کی تالیف دلائل الخیرات کو اللہ تعالیٰ نے جو قبولیت عطا فرمائی ہے، وہ اپنی مثال آپ ہے، بلاد عرب وعجم اور تمام اطراف عالم میں اس کی قراءت جاری وساری ہے، اگرچہ درود وسلام کے لئے کسی کی اجازت ضروری نہیں مگر تسلسل کی امتیازی وخصوصی شان کی وجہ سے کسی اللہ والے کی اجازت سے درود شریف پڑھنا یقیناً زیادتی نفع کا سبب بنے گا، اسی وجہ سے بندہ نے اپنی سند کتاب کے شروع میں درج کردی ہے، تمام پڑھنے والوں سے گزارش ہے کہ اپنے معمولات میں اس کتاب کو شامل فرمائیں اور بندہ کو اور جملہ معاونین کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں دوران قراءت اگر کسی غلطی کی طرف توجہ ہو تو بندہ کو مطلع کریں یہ آپ کا بندہ پر احسان ہوگا۔ فقط والسلام

سعد عبدالرزاق

+92 321 2022205

فہرست

چند ضروری ہدایات

❶ دلائل الخیرات شریف کا ورد کرتے ہوئے وہی نیت کی جائے جو دعاء النیۃ میں مذکور ہے، صرف کتاب کی تلاوت مقصود نہ ہو بلکہ مقصود آپ ﷺ کی خدمت اقدس میں درود شریف کا ہدیہ پیش کرنا ہو اور اس کتاب کو اس کے لئے ذریعہ سمجھا جائے۔

❷ درود شریف کے فضائل میں قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں وارد ہونے والے نصوص پیش نظر رکھے جائیں اور اس کتاب کو اخلاص وادب کے ساتھ پڑھتے ہوئے ان فضائل کا استحضار نہایت مفید ہے۔

❸ دلائل الخیرات کا ورد ہمارے مشائخ کا معمول رہا ہے حاجی امداد اللہ مکی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں مشہور ہے کہ آپ سفر وحضر میں ہمیشہ تین کتابیں، قرآن شریف، مثنوی شریف اور دلائل الخیرات اپنے ساتھ رکھتے تھے، اور مولانا یوسف بنوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ دلائل الخیرات کا ورد ایک کامل متبع سنت مرشد کے ہاتھ پر بیعت کا کام دیتا ہے۔

حضرت والا کے ارشاد کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ صحیح حدیث میں وارد

ہے: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ وَاحِدَةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا یعنی جو مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے اللہ اس پر دس بار رحمت نازل فرماتا ہے اور قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے: هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ (وہ ذات (اللہ تعالیٰ) اور اس کے فرشتے تم پر رحمت نازل فرماتے ہیں تاکہ تمہیں (جہالت کی) اندھیریوں سے (ایمان کے) نور کی طرف لے جائیں)، حدیث شریف کے مطابق درود شریف پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوٰۃ کا نزول ہوتا ہے اور قرآن شریف سے معلوم ہوا کہ جس شخص پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں کی طرف سے صلوٰۃ کا نزول ہوتا ہے وہ ہر قسم کی ظلمات (شرک، کفر، فسق، نفاق، غفلت وغیرہ) سے نکل کر نور (ایمان، توحید، اخلاص، یقین، طاعت) میں داخل کر دیا جاتا ہے اور کسی شیخ سے بیعت ہونے سے بھی یہی مقصود ہوتا ہے۔

۴ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ عمل بہت اونچی حیثیت رکھتا ہے جسے استقامت کے ساتھ کیا جائے، اس لئے پابندی کے ساتھ پڑھنے کی کوشش کی جائے۔

۵ بہتر یہ ہے کہ اپنے شیخ یا کسی ایسے مستند بزرگ جن کو دلائل الخیرات پڑھنے کی اجازت حاصل ہو، ان کی اجازت سے دلائل شریف کا ورد کیا جائے۔

چندضروری وضاحتیں

دلائل الخیرات میں مذکور کچھ الفاظ سے متعلق وضاحتیں عرض خدمت ہیں:

١ اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میں رحمت، غیاث، اور یا کاشف الکرب قسم کے جو الفاظ آئے ہیں، اگر خلجان ہو تو انہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حیات طیبہ اور حشر میں آنے والی حالت پر محمول کرلیا جائے۔

٢ وَنُوْرًا عَلٰی نُوْرِهِ الَّذِیْ مِنْهُ خَلَقْتَهٗ کو عالم ارواح میں پیدائش پر محمول کیا جائے یا یہ سمجھا جائے کہ اس کا تعلق روح سے ہے جسم سے نہیں۔

٣ جہاں خطاب اور ندا کے الفاظ آئیں، وہاں یہ تصور کیا جائے کہ فرشتے میری آواز آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں پہنچا رہے ہیں یا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ذات مبارک کو اپنے تصور میں لاکر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مخاطب ہوں یا اپنے آپ کو روضۂ اقدس پر حاضر تصور کرکے پڑھیں۔

٤ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ الرَّحْمَةِ شَیْءٌ وغیرہ جیسے الفاظ میں صفات خداوندی کی محدودیت کا بعض اوقات شبہ پیدا ہوتا ہے، اس کا ایک جواب یہ ہے کہ ان الفاظ سے حقیقی معنی مراد نہیں بلکہ اس سے مراد کثرت ہے۔

کتاب پڑھنے کا طریقہ

دلائل الخیرات کو آٹھ منزلوں میں تقسیم کیا گیا ہے، پہلی منزل پیر کے دن سے شروع ہوتی ہے اور آٹھویں منزل پیر کے دن ہی اختتام کو پہنچتی ہے، گویا پیر کے دن دو منزلیں یعنی پہلی اور آخری پڑھی جائیں گی، روزانہ کی منزل پڑھنے سے پہلے اگر ممکن ہو تو اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنٰی، دعاء ابتداء، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسماء مبارکہ، روضہ مبارکہ کی صفت اور دعاء نیت کو پڑھا جائے اور پھر منزل شروع سے آخر تک پڑھی جائے۔ البتہ اگر کسی وجہ سے یہ سب پڑھنا ممکن نہ ہو تو صرف دعاء نیت اور منزل پر اکتفاء کیا جائے۔

دلائل الخیرات کا ورد کرتے ہوئے آداب کی رعایت رکھی جائے، کوشش کی جائے کہ باوضو ہوں، ذوق وشوق سے پڑھا جائے، صحیح احادیث مبارکہ سے یہ بات ثابت ہے کہ جب کوئی درود شریف پڑھتا ہے تو اسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے اس مبارک استحضار کے ساتھ درود شریف پڑھا جائے، اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کا اہتمام نصیب فرمائے، آمین۔

سنداجازت دلائل الخیرات

أَجَازَنِی الشَّيْخُ وَاصِفُ بْنُ مَنْظُوْرٍ رَّحِمَهُ اللهُ تَعَالٰی

میرے حضرت اور میرے شیخ واصف منظور صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مجھے دلائل الخیرات پڑھنے کی اجازت مرحمت فرمائی

وَأَيْضًا أَجَازَنِی الشَّيْخُ شَمْسُ الرَّحْمٰنِ أَدَامَ اللهُ

اور اسی طرح مجھے اجازت دی مولانا شمس الرحمن صاحب نے اللہ تعالی ان کی برکات کو

بَرَكَاتِهٖ وَمَتَّعَنَا بِطُوْلِ حَيَاتِهٖ وَأَجَازَهُ الشَّيْخُ فَضَل

دوام بخشے اور ان کو لمبی زندگی عطا فرما کر ہمیں ان سے مستفید فرمائے اور انہیں اجازت دی شیخ فضل محمد نے

مُحَمَّد وَأَجَازَهُ الشَّيْخُ مُحَمَّد قَمَر (جورہ شریف)

اور انہیں اجازت دی شیخ محمد قمر جورہ شریف والوں نے

وَأَجَازَهُ الشَّيْخُ وَلِیُ أَحْمَد (سنڈاکی باباجی) وَأَجَازَهُ

اور انہیں اجازت دی شیخ ولی محمد المعروف سنڈاکی بابا نے اور انہیں اجازت دی

الشَّيْخُ عَبْدُالْحَقِّ عَنِ الشَّيْخِ عَلِيِّ بْنِ يُوْسُفَ

شیخ عبدالحق نے اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ علی بن یوسف الباشلی المدنی سے

الْبَاشِلِيِّ الْمَدَنِيِّ عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد بن محمد المدغری سے

ِالْمُدْغِرِی عَنِ الشَّيْخِ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْمُثَنّٰى

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ محمد بن احمد المثنی سے

عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ الْحَاجِّ عَنِ الشَّيْخِ أَحْمَدَ

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد بن الحاج سے اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد المقری سے

الْمُقْرِيِّ عَنِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْقَادِرِ الْفَاسِی عَنِ

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ عبدالقادر الفاسی سے

الشَّيْخِ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنِ الشَّيْخِ السُّمْلَالِي

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ احمد بن ابی العباس سے اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ السملالی سے

عَنِ الشَّيْخِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ التَّبَّاعِ عَنِ الشَّيْخِ الْإِمَامِ

اور وہ روایت کرتے ہیں شیخ عبدالعزیز التباع سے اور وہ روایت کرتے ہیں اس کتاب کے مؤلف

الْمُؤَلِّفِ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْجَزُوْلِي الشَّاذِلِي

حضرت شیخ امام محمد بن سلیمان الجزولی الشافعی سے

رَحِمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى

اللہ تعالیٰ ان سب پر اپنی رحمت نازل فرمائے

أَسْمَاءُ اللهِ الْحُسْنٰى

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الَّذِىْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اے اللہ تو بادشاہ ہے برحق ہے تیرے سو کوئی عبادت کے لائق نہیں

يَا اَللّٰهُ جل جلاله	يَا رَحْمٰنُ جل جلاله	يَا رَحِيْمُ جل جلاله
اے اللہ	اے بڑے مہربان	اے نہایت رحم کرنے والے
يَا مَلِكُ جل جلاله	يَا قُدُّوْسُ جل جلاله	يَا سَلَامُ جل جلاله
اے حقیقی بادشاہ	اے بہت پاک ذات	اے سلامتی عطا کرنے والے
يَا مُؤْمِنُ جل جلاله	يَا مُهَيْمِنُ جل جلاله	يَا عَزِيْزُ جل جلاله
اے امن عطا کرنے والے	اے نگہبان	اے سب پر غالب
يَا جَبَّارُ جل جلاله	يَا مُتَكَبِّرُ جل جلاله	يَا خَالِقُ جل جلاله
ذات اے ٹوٹے دلوں کو جوڑنے والے	اے بڑائی والے	اے ہر چیز کو پیدا کرنے والے
يَا بَارِئُ جل جلاله	يَا مُصَوِّرُ جل جلاله	يَا غَفَّارُ جل جلاله
اے کائنات کو بنانے والے	اے صورت بنانے والے	اے بخشنے والے

یَا قَھَّارُ جل جلالہ اے غلبہ والے	یَا وَھَّابُ جل جلالہ اے عطا کرنے والے	یَا رَزَّاقُ جل جلالہ اے روزی دینے والے
یَا فَتَّاحُ جل جلالہ اے نعمتوں کے دروازے کھولنے والے	یَا عَلِیْمُ جل جلالہ اے سب کچھ جاننے والے	یَا قَابِضُ جل جلالہ اے روکنے والے
یَا بَاسِطُ جل جلالہ اے خیر کے دروازوں کو کھولنے والے	یَا خَافِضُ جل جلالہ اے پست کرنے والے	یَا رَافِعُ جل جلالہ اے بلند فرمانے والے
یَا مُعِزُّ جل جلالہ اے عزت دینے والے	یَا مُذِلُّ جل جلالہ اے ذلت دینے والے	یَا سَمِیْعُ جل جلالہ اے سننے والے
یَا بَصِیْرُ جل جلالہ اے دیکھنے والے	یَا حَکَمُ جل جلالہ اے فیصلہ فرمانے والے	یَا عَدْلُ جل جلالہ اے انصاف کرنے والے
یَا لَطِیْفُ جل جلالہ اے بڑے مہربان	یَا خَبِیْرُ جل جلالہ اے خبر رکھنے والے	یَا حَلِیْمُ جل جلالہ اے بردبار
یَا عَظِیْمُ جل جلالہ اے عظمت والے	یَا غَفُوْرُ جل جلالہ اے بخشنے والے	یَا شَکُوْرُ جل جلالہ اے قدردان
یَا عَلِیُّ جل جلالہ اے بلند رتبہ والے	یَا کَبِیْرُ جل جلالہ اے سب مخلوق سے بڑے	یَا حَفِیْظُ جل جلالہ اے حفاظت کرنے والے

يَا مُقِيْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا حَسِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا جَلِيْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے قدرت عطا فرمانے والے	اے وہ ذات جو سب کے لئے کافی ہے	اے سب سے بزرگ
يَا كَرِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا رَقِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُجِيْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے کرم کرنے والے	اے نگہبانی کرنے والے	اے دعاؤں کو قبول کرنے والے
يَا وَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا حَكِيْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا وَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے فراخی عطا کرنے والے	اے حکمت والے	اے بہت زیادہ محبت کرنے والے
يَا مَجِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا بَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا شَهِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے بزرگی والے	اے رسولوں کو بھیجنے والے	اے گواہ
يَا حَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا وَكِيْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا قَوِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے برحق	اے کارساز	اے قوت والے
يَا مَتِيْنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا وَلِيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا حَمِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے مضبوط	اے دوست	اے حمد وثناء کے لائق
يَا مُحْصِيْ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُعِيْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے ہر چیز کو گھیرنے والے	اے آغاز کرنے والے	اے دوبارہ زندگی دینے والے
يَا مُحْيِ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا مُمِيْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ	يَا حَيُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
اے زندہ کرنے والے	اے موت دینے والے	اے زندہ

يَا قَيُّوْمُ ﷻ	يَا وَاجِدُ ﷻ	يَا مَاجِدُ ﷻ
اے ہمیشہ رہنے والے	اے پانے والے	اے بزرگ ذات
يَا وَاحِدُ ﷻ	يَا أَحَدُ ﷻ	يَا صَمَدُ ﷻ
اے اکیلے	اے تنہا	اے بے نیاز
يَا قَادِرُ ﷻ	يَا مُقْتَدِرُ ﷻ	يَا مُقَدِّمُ ﷻ
اے قدرت رکھنے والے	اے تقدیر بنانے والے	اے آگے بڑھانے والے
يَا مُؤَخِّرُ ﷻ	يَا أَوَّلُ ﷻ	يَا اٰخِرُ ﷻ
اے پیچھے کرنے والے	اے اول	اے آخر
يَا ظَاهِرُ ﷻ	يَا بَاطِنُ ﷻ	يَا وَالِ ﷻ
اے ظاہر	اے باطن (پوشیدہ)	اے وارث
يَا مُتَعَالِ ﷻ	يَا بَرُّ ﷻ	يَا تَوَّابُ ﷻ
اے سب سے برتر	اے نیکوں کی مدد فرمانے والے	اے توبہ قبول فرمانے والے
يَا مُنْعِمُ ﷻ	يَا مُنْتَقِمُ ﷻ	يَا عَفُوُّ ﷻ
اے نعمتیں عطا کرنے والے	اے بدلہ لینے والے	اے معاف فرمانے والے
يَا رَؤُفُ ﷻ	يَا مَالِكَ الْمُلْكِ ﷻ	
اے بہت مہربان	اے دو جہاں کے مالک	

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جل جلاله		یَا رَبُّ جل جلاله
اے بزرگی اور اکرام والے		اے رب
یَا مُقْسِطُ جل جلاله	یَا جَامِعُ جل جلاله	یَا غَنِیُّ جل جلاله
اے انصاف فرمانے والے	اے سب کو جمع فرمانے والے	اے بے نیاز
یَا مُغْنِیْ جل جلاله	یَا مُعْطِیْ جل جلاله	یَا مَانِعُ جل جلاله
اے بے نیاز فرمانے والے	اے عطا فرمانے والے	اے باز رکھنے والے
یَا ضَآرُّ جل جلاله	یَا نَافِعُ جل جلاله	یَا نُوْرُ جل جلاله
اے نقصان دینے والے	اے نفع دینے والے	اے روشنی والے
یَا ھَادِیْ جل جلاله	یَا بَدِیْعُ جل جلاله	یَا بَاقِیْ جل جلاله
اے رہنمائی فرمانے والے	اے از سرِ نو پیدا کرنے والے	اے ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے
یَا وَارِثُ جل جلاله	یَا رَشِیْدُ جل جلاله	یَا صَبُوْرُ جل جلاله
اے مالک	اے صحیح تدبیر کرنے والے	اے بہت زیادہ تحمل والے
یَا صَادِقُ جل جلاله	یَا سَتَّارُ جل جلاله	
اے سچے	اے عیبوں کو چھپانے والے	

دعاءابتداء

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بے حد مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اِلٰهِیۡ بِجَاهِ نَبِیِّكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیۡهِ

اے اللہ اپنے نبی مکرم ﷺ کے اس منصب کے طفیل جو ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ کو تیری بارگاہ میں حاصل ہے

وَسَلَّمَ عِنۡدَكَ وَمَكَانَتِهٖ لَدَیۡكَ وَمَحَبَّتِكَ لَهٗ

اور ان کے اس مقام کے طفیل جو انہیں تیرے دربار میں حاصل ہے اور تیری اس محبت کے طفیل جو تجھے ان کے ساتھ ہے

وَمَحَبَّتِهٖ لَكَ وَبِالسِّرِّ الَّذِیۡ بَیۡنَكَ وَبَیۡنَهٗ أَسۡئَلُكَ أَنۡ

اور اس محبت کے صدقے جو انہیں تیرے ساتھ ہے اور اس راز و نیاز کے واسطے جو تیرے اور ان کے درمیان ہے

تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلَیۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ وَضَاعِفِ

میں تیری بارگاہ میں سوال کرتا ہوں کہ تو ان پر ان کی آل واصحاب پر درود وسلام بھیج

اَللّٰهُمَّ مَحَبَّتِیۡ فِیۡهِ وَعَرِّفۡنِیۡ بِحَقِّهٖ وَرُتَبِهٖ وَوَفِّقۡنِیۡ

اے اللہ آپ ﷺ کے ساتھ میری محبت میں اضافہ فرما اور مجھے آپ ﷺ کے حقوق اور مراتب کی معرفت عطا فرما

لِاتِّبَاعِهٖ وَالۡقِیَامِ بِأَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ وَاجۡمَعۡنِیۡ عَلَیۡهِ

اور مجھے آپ ﷺ کی اتباع ، آپ کی بارگاہ کے آداب اور آپ ﷺ کی سنت پر عمل کی توفیق عطا فرما

وَمَتِّعْنِىْ بِرُؤْيَتِهٖ وَأَسْعِدْنِىْ بِمُكَالَمَتِهٖ وَارْفَعْ عَنِّى

اور مجھے آپ کی بارگاہ میں حاضری اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار کے شرف سے مشرف فرما اور مجھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلام ہونے کی

الْعَوَآئِقَ وَالْعَلَآئِقَ وَالْوَسَآئِطَ وَالْحِجَابَ وَشَنِّفْ

سعادت نصیب فرما اور مجھ سے تمام رکاوٹوں، تعلقات، واسطوں اور حجابات کو دور فرما دے اور میرے کانوں کو

سَمْعِىْ مَعَهٗ بِلَذِيْذِ الْخِطَابِ وَهَيِّئْنِىْ لِلتَّلَقِّىْ مِنْهُ

آپ کے ساتھ کیا جانے والا دلکش خطاب سنوا دے اور مجھ میں آپ سے ملاقات کی استعداد پیدا فرما دے

وَأَهِّلْنِىْ لِخِدْمَتِهٖ وَاجْعَلْ صَلَاتِىْ عَلَيْهِ نُوْرًا نَيِّرًا

اور مجھے آپ کی خدمت گزاری کا اہل بنا دے اور آپ کی بارگاہ میں پیش کئے جانے والے میرے درود شریف کو چمکتا دمکتا،

كَامِلًا مُكَمِّلًا طَاهِرًا مُطَهِّرًا مَاحِيًا كُلَّ ظُلْمٍ

کامل و مکمل، طاہر و مطہر نور بنا دے جو ہر ظلم و ظلمت،

وَظُلْمَةٍ وَّشَكٍّ وَّشِرْكٍ وَّكُفْرٍ وَّزُوْرٍ وَّوِزْرٍ وَاجْعَلْهَا

شک و شرک جھوٹ اور گناہ اور کفر کو مٹا دے اور میرے اس درود شریف کو

سَبَبًا لِلتَّمْحِيْصِ وَمَرْقًى لِّأَنَالَ بِهَا أَعْلٰى مَقَامِ

میرے لئے خلوص و ترقی کا سبب بنا دے تاکہ میں اس کے ذریعہ

الْإِخْلَاصِ وَالتَّخْصِيْصِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِىَّ رَبَّانِيَّةٌ

اخلاص و تخصیص کے اعلیٰ مقام تک رسائی حاصل کروں، یہاں تک کہ مجھ میں تیرے غیر کی عبادت کی صلاحیت باقی نہ رہے

لِّغَيْرِكَ وَحَتّٰى أَصْلُحَ لِحَضْرَتِكَ وَأَكُوْنَ مِنْ أَهْلِ

اور یہاں تک کہ میں تیری بارگاہ میں حاضری کے لائق ہوجاؤں اور تیرے مخصوص بندوں میں

خُصُوْصِيَّتِكَ مُسْتَمْسِكًا بِأَدَبِهٖ وَسُنَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ

شامل ہوجاؤں ادب اور سنت کے تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے ان سے چمٹ اور لپٹ جاؤں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسْتَمِدًّا مِّنْ حَضْرَتِهِ الْعَالِيَةِ فِيْ كُلِّ

ان پر اللہ کی طرف سے درود و سلام ہو اور میں ان کی بارگاہ کی برکت سے ہمہ وقت اور ہر زمانے میں تجھ سے

وَقْتٍ وَّحِيْنٍ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ

مدد طلب کرتا رہوں اے اللہ اے نور اے حق اے مبین،

يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ

اے اللہ اے نور اے حق اے مبین، اے اللہ اے نور اے حق اے مبین

أَسْمَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ: ﴿ إِنَّ اللهَ وَمَلَآئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ بے شک اللہ اور اس کے فرشتے نبی (ﷺ) پر

النَّبِيِّ ط يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا

درود بھیجتے ہیں تو اے ایمان والو تم بھی نبی (ﷺ) پر درود و سلام بھیجو

تَسْلِيْمًا ﴾ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى مَنِ

اے اللہ میں حاضر ہوں، اے اللہ صلوٰۃ و سلام اور برکتیں نازل فرما اس ذات پر

اسْمُهٗ سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُنَا

جن کا نام (سیدنا) محمد ﷺ ہے، ہمارے آقا ﷺ جو

أَحْمَدُ ﷺ سَيِّدُنَا حَامِدٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَحْمُوْدٌ ﷺ

اللہ کی خوب تعریف کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جواللہ کی تعریف کرنے والے ہیں ہمارے آقا

سَيِّدُنَا أَحِيْدٌ ﷺ سَيِّدُنَا وَحِيْدٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ﷺ جوتعریف کے لائق ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو (دوزخ سے) برطرف کرنے والے ہیں ہمارے آقا ﷺ جو یکتائے

مَاحٍ ﷺ سَيِّدُنَا حَاشِرٌ ﷺ سَيِّدُنَا عَاقِبٌ ﷺ

زمانہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو کفر کو مٹانے والے ہیں، ہمارے آقا جو محشر میں لانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سب

سَيِّدُنَا طٰهٰ ﷺ سَيِّدُنَا يٰسٓ ﷺ سَيِّدُنَا طَاهِرٌ ﷺ

نبیوں کے بعد آنے والے ہیں، ہمارے آقا جو طٰہٰ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو یٰسٓ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو پاکیزہ ہیں،

سَيِّدُنَا مُطَهَّرٌ ﷺ سَيِّدُنَا طَيِّبٌ ﷺ سَيِّدُنَا سَيِّدٌ

ہمارے آقا ﷺ جو مطہر ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو طیب ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سردار ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا رَسُوْلٌ ﷺ سَيِّدُنَا نَبِيٌّ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو رسول ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو نبی ہیں، ہمارے آقا ﷺ

رَسُوْلُ الرَّحْمَةِ ﷺ سَيِّدُنَا جَامِعٌ ﷺ سَيِّدُنَا قَيِّمٌ

جو رسول رحمت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو جامع ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو نگہبان ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا مُقْتَفٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُقَفٍّ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو خاتم الرسل ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سب انبیاء سے آخر میں آنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

رَسُوْلُ الْمَلَاحِمِ ﷺ سَيِّدُنَا رَسُوْلُ الرَّاحَةِ ﷺ

معرکوں والے رسول ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو رسول راحت ہیں،

سَيِّدُنَا كَامِلٌ ﷺ سَيِّدُنَا إِكْلِيْلٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُدَّثِّرٌ

ہمارے آقا ﷺ جو صاحب کمال ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تاج ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مدثر ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا مُزَّمِّلٌ ﷺ سَيِّدُنَا عَبْدُ اللّٰهِ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو مزمل ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کے بندے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

حَبِيْبُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا صَفِيُّ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا نَجِيُّ اللهِ

اللہ کے حبیب ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کے برگزیدہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کے ہمراز ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا كَلِيْمُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا خَاتَمُ الْأَنْبِيَآءِ

ہمارے آقا ﷺ جو اللہ سے باتیں کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو آخری نبی ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا خَاتَمُ الرُّسُلِ ﷺ سَيِّدُنَا مُحْيٍ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو آخری رسول ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو دین کو زندہ کرنے والے ہیں،

سَيِّدُنَا مُنْجٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُذَكِّرٌ ﷺ سَيِّدُنَا نَاصِرٌ

ہمارے آقا ﷺ جو نجات دہندہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو نصیحت کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مددگار ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا مَنْصُوْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا نَبِيُّ الرَّحْمَةِ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو مدد یافتہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو رحمت والے نبی ہیں،

سَيِّدُنَا نَبِيُّ التَّوْبَةِ ﷺ سَيِّدُنَا حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو توبہ کے دروازے کو کھولنے والے نبی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تمہاری بہبود کے حریص ہیں،

سَيِّدُنَا مَعْلُوْمٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَهِيْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو جانے پہچانے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مشہور ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

شَاهِدٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَهِيْدٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَشْهُوْدٌ ﷺ

گواہی دینے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو گواہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ایسے ہیں کہ جن کی گواہی دی گئی،

سَيِّدُنَا بَشِيْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُبَشِّرٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو خوشخبری سنانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو بشارت دینے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

نَذِيْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُنْذِرٌ ﷺ سَيِّدُنَا نُوْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ڈرانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو دھمکانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو نور ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

سِرَاجٌ ﷺ سَيِّدُنَا مِصْبَاحٌ ﷺ سَيِّدُنَا هُدًى ﷺ

چراغ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو روشن چراغ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سر تا پا ہدایت ہیں،

سَيِّدُنَا مَهْدِيٌّ ﷺ سَيِّدُنَا مُنِيْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا دَاعٍ

ہمارے آقا ﷺ جو ہدایت یافتہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو منور کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو (اللہ کی طرف)

ﷺ سَيِّدُنَا مَدْعُوٌّ ﷺ سَيِّدُنَا مُجِيْبٌ ﷺ سَيِّدُنَا

بلانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو بلائے ہوئے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو درخواست منظور کرنے والے ہیں،

مُجَابٌ ﷺ سَيِّدُنَا حَفِيٌّ ﷺ سَيِّدُنَا عَفُوٌّ

ہمارے آقا ﷺ جو مقبول خدا ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو عنایت فرمانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو معافی کے

ﷺ سَيِّدُنَا وَلِيٌّ ﷺ سَيِّدُنَا حَقٌّ ﷺ سَيِّدُنَا

خوگر ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ولی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو برحق ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

قَوِيٌّ ﷺ سَيِّدُنَا أَمِيْنٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَأْمُوْنٌ ﷺ

قوت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو امانت دار ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو پروانۂ امن والے ہیں،

سَيِّدُنَا كَرِيمٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُكَرَّمٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَكِينٌ

ہمارے آقا ﷺ جو کریم ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو محترم ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ذی رتبہ ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا مَتِينٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُبِينٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو متانت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو واضح ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

مُؤَمِّلٌ ﷺ سَيِّدُنَا وَصُولٌ ﷺ سَيِّدُنَا ذُو قُوَّةٍ ﷺ

رضائے مولیٰ کے متمنی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ سے ملنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو طاقت والے ہیں،

سَيِّدُنَا ذُو حُرْمَةٍ ﷺ سَيِّدُنَا ذُو مَكَانَةٍ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو حرمت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو صاحب منزلت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

ذُو عِزٍّ ﷺ سَيِّدُنَا ذُو فَضْلٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُطَاعٌ ﷺ

عزت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو فضیلت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جن کی اطاعت کی جاتی ہے،

سَيِّدُنَا مُطِيعٌ ﷺ سَيِّدُنَا قَدَمُ صِدْقٍ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کے فرماں بردار ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو صداقت کے امام ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

رَحْمَةٌ ﷺ سَيِّدُنَا بُشْرٰى ﷺ سَيِّدُنَا غَوْثٌ ﷺ

رحمت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو خوشخبری ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو فریاد رس ہیں،

سَيِّدُنَا غَيْثٌ ﷺ سَيِّدُنَا غِيَاثٌ ﷺ سَيِّدُنَا نِعْمَةُ

ہمارے آقا ﷺ جو رحمت کی بارش ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو فریاد رسی کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ

اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا هَدِيَّةُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا عُرْوَةٌ

جو اللہ کی نعمت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کا تحفہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مضبوط سہارا ہیں،

وُّثْقٰى ﷺ سَيِّدُنَا صِرَاطُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا صِرَاطٌ

ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کی بارگاہ تک رسائی کا راستہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو راہ مستقیم ہیں،

مُّسْتَقِيْمٌ ﷺ سَيِّدُنَا ذِكْرُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا سَيْفُ

ہمارے آقا ﷺ جو یاد خدا ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو شمشیر خدا ہیں،

اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا حِزْبُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا النَّجْمُ

ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کی جماعت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو چمکتا ستارہ ہیں،

الثَّاقِبُ ﷺ سَيِّدُنَا مُصْطَفٰى ﷺ سَيِّدُنَا مُجْتَبٰى

ہمارے آقا ﷺ جو برگزیدہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو منتخب ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا مُنْتَقٰى ﷺ سَيِّدُنَا أُمِّيٌّ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کا انتخاب کئے ہوئے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اُمی ہیں، ہمارے آقا ﷺ

مُخْتَارٌ ﷺ سَيِّدُنَا أَجِيْرٌ ﷺ سَيِّدُنَا جَبَّارٌ ﷺ

جو پسندیدہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مستحق اجر ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تلافی فرمانے والے ہیں،

سَيِّدُنَا أَبُو الْقَاسِمِ ﷺ سَيِّدُنَا أَبُو الطَّاهِرِ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو ابو القاسم ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ابو الطاہر ہیں،

سَيِّدُنَا أَبُو الطَّيِّبِ سَيِّدُنَا أَبُو إِبْرَاهِيمَ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو ابو الطیب ہیں ،ہمارے آقا ﷺ جو ابو ابراہیم ہیں، ہمارے آقا ﷺ وہ ہیں

مُشَفَّعٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَفِيعٌ ﷺ سَيِّدُنَا صَالِحٌ ﷺ

جن کی شفاعت قبول کی جائے گی، ہمارے آقا ﷺ جو شفاعت کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو نیک ہیں،

سَيِّدُنَا مُصْلِحٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُهَيْمِنٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو اصلاح کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو محافظ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

صَادِقٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُصَدَّقٌ ﷺ سَيِّدُنَا صِدْقٌ ﷺ

سچے ہیں، ہمارے آقا ﷺ وہ ہیں جن کی تصدیق کی جاتی ہے، ہمارے آقا ﷺ جو مجسم سچ ہیں،

سَيِّدُنَا سَيِّدُ الْمُرْسَلِينَ ﷺ سَيِّدُنَا إِمَامُ الْمُتَّقِينَ

ہمارے آقا ﷺ جو تمام انبیاء علیہم السلام کے سردار ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو متقیوں کے امام ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا قَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِينَ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو اعضاء وضو چمکنے والوں کے قائد ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

خَلِيلُ الرَّحْمٰنِ ﷺ سَيِّدُنَا بَرٌّ ﷺ سَيِّدُنَا مَبَرٌّ ﷺ

رحمن کے خلیل ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو خوش معاملہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سب پر فائق ہیں،

سَيِّدُنَا وَجِيهٌ ﷺ سَيِّدُنَا نَصِيحٌ ﷺ سَيِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو باوجاہت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو خیر طلب کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

نَاصِحٌ ﷺ سَيِّدُنَا وَكِيلٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُتَوَكِّلٌ ﷺ

خیر خواہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو معتمد ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو توکل والے ہیں،

سَيِّدُنَا كَفِيلٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَفِيقٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُقِيمُ

ہمارے آقا ﷺ جو ضامن ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مہربان ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سنت کے

السُّنَّةِ ﷺ سَيِّدُنَا مُقَدَّسٌ ﷺ سَيِّدُنَا رُوحُ

قائم کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تقدس والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

الْقُدُسِ ﷺ سَيِّدُنَا رُوحُ الْحَقِّ ﷺ سَيِّدُنَا رُوحُ

تقدس کی جان ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو امر حق کی روح ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

الْقِسْطِ ﷺ سَيِّدُنَا كَافٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُكْتَفٍ ﷺ

انصاف کی روح ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو کفایت کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو کافی ہیں،

سَيِّدُنَا بَالِغٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُبَلِّغٌ ﷺ سَيِّدُنَا شَافٍ

ہمارے آقا ﷺ جو کمالات کے اعلیٰ مقام پر پہنچنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تبلیغ کرنے والے ہیں، ہمارے آقا جو

ﷺ سَيِّدُنَا وَاصِلٌ ﷺ سَيِّدُنَا مَوْصُولٌ ﷺ سَيِّدُنَا

شافی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کی بارگاہ میں رسائی حاصل کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو پہنچے ہوئے ہیں،

سَابِقٌ ﷺ سَيِّدُنَا سَائِقٌ ﷺ سَيِّدُنَا هَادٍ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو سبقت لے جانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو آگے بڑھانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

سَيِّدُنَا مُهْدٍ ﷺ سَيِّدُنَا مُقَدَّمٌ ﷺ سَيِّدُنَا عَزِيزٌ

رہبر ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تحفہ دینے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو سب سے آگے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

ﷺ سَيِّدُنَا فَاضِلٌ ﷺ سَيِّدُنَا مُفَضَّلٌ ﷺ سَيِّدُنَا

عزیز ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو صاحب فضل ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو فضیلت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

فَاتِحٌ ﷺ سَيِّدُنَا مِفْتَاحٌ ﷺ سَيِّدُنَا مِفْتَاحُ

فاتح ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو فتوحات کی چابی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو کلید رحمت ہیں،

الرَّحْمَةِ ﷺ سَيِّدُنَا مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ ﷺ سَيِّدُنَا عَلَمُ

ہمارے آقا ﷺ جو جنت کی چابی ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ایمان کے

الْإِيمَانِ ﷺ سَيِّدُنَا عَلَمُ الْيَقِينِ ﷺ سَيِّدُنَا دَلِيلُ

نقش و نگار ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو یقین کی علامت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

الْخَيْرَاتِ ﷺ سَيِّدُنَا مُصَحِّحُ الْحَسَنَاتِ ﷺ

خوبیوں کے راہنما ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو نیکیوں کے درست کرنے والے ہیں،

سَيِّدُنَا مُقِيلُ الْعَثَرَاتِ ﷺ سَيِّدُنَا صَفُوحٌ عَنِ

ہمارے آقا ﷺ جو غلطیوں سے قطع نظر کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو لغزشوں سے

الزَّلَّاتِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ ﷺ سَيِّدُنَا

درگزر کرنے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو صاحب شفاعت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

صَاحِبُ الْقَدَمِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْمُقَامِ ﷺ

پیشوائی فرمانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مقام محمود والے ہیں،

سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالْعِزِّ ﷺ سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ

ہمارے آقا ﷺ جو عزت کے ساتھ مخصوص ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو احترام کے ساتھ مخصوص ہیں،

بِالْمَجْدِ ﷺ سَیِّدُنَا مَخْصُوْصٌ بِالشَّرَفِ ﷺ سَیِّدُنَا

ہمارے آقا ﷺ جو شرف کے ساتھ مخصوص ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

صَاحِبُ الْوَسِیْلَةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ السَّیْفِ ﷺ

وسیلہ والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تلوار والے ہیں،

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْفَضِیْلَةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ

ہمارے آقا ﷺ جو فضیلت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تہبند استعمال

الْإِزَارِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الْحُجَّةِ ﷺ سَیِّدُنَا

فرمانے والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مستحکم دلیل والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

صَاحِبُ السُّلْطَانِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ الرِّدَآءِ ﷺ

تسلط والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو چادر والے ہیں،

سَیِّدُنَا صَاحِبُ الدَّرَجَةِ الرَّفِیْعَةِ ﷺ سَیِّدُنَا صَاحِبُ

ہمارے آقا ﷺ جو اونچے مرتبہ والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

التَّاجِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمِغْفَرِ ﷺ سَيِّدُنَا

تاج والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو آہنی خود والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

صَاحِبُ اللِّوَآءِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْمِعْرَاجِ ﷺ

علم بردار ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو صاحب معراج ہیں،

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْقَضِيْبِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ

ہمارے آقا ﷺ جو صاحب عصا ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

الْبُرَاقِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْخَاتَمِ ﷺ سَيِّدُنَا

براق والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مہر نبوت والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

صَاحِبُ الْعَلَامَةِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْبُرْهَانِ ﷺ

نشانی والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ثبوت رکھنے والے ہیں،

سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْبَيَانِ ﷺ سَيِّدُنَا فَصِيْحُ

ہمارے آقا ﷺ جو حسن تقریر والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

اللِّسَانِ ﷺ سَيِّدُنَا مُطَهَّرُ الْجَنَانِ ﷺ سَيِّدُنَا

فصیح زبان والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو پاک دل والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو

رَءُوْفٌ ﷺ سَيِّدُنَا رَحِيْمٌ ﷺ سَيِّدُنَا أُذُنُ خَيْرٍ ﷺ

نرم دل ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو مہربان ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو بھلائی کی بات پر کان دھرنے والے ہیں،

سَيِّدُنَا صَحِيحُ الْإِسْلَامِ ﷺ سَيِّدُنَا سَيِّدُ الْكَوْنَيْنِ

ہمارے آقا ﷺ جو درست اسلام والے ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو دونوں جہانوں کے سردار ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا عَيْنُ النَّعِيمِ ﷺ سَيِّدُنَا عَيْنُ الْغُرِّ

ہمارے آقا ﷺ جو نعمتوں کا سرچشمہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو بہترین لوگوں کے سردار ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا سَعْدُ اللهِ ﷺ سَيِّدُنَا سَعْدُ الْخَلْقِ ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو اللہ کی طرف سے برکت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو تمام مخلوق کے لئے سبب سعادت ہیں،

سَيِّدُنَا خَطِيبُ الْأُمَمِ ﷺ سَيِّدُنَا عَلَمُ الْهُدٰى ﷺ

ہمارے آقا ﷺ جو امتوں کے واعظ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو ہدایت کا علم (جھنڈا) ہیں،

سَيِّدُنَا كَاشِفُ الْكُرَبِ ﷺ سَيِّدُنَا رَافِعُ الرُّتَبِ

ہمارے آقا ﷺ جو دفع مصائب کا ذریعہ ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو رفع درجات کا وسیلہ ہیں،

ﷺ سَيِّدُنَا عِزُّ الْعَرَبِ ﷺ سَيِّدُنَا صَاحِبُ الْفَرَجِ

ہمارے آقا ﷺ جو عرب کی شان و شوکت ہیں، ہمارے آقا ﷺ جو کشادگی کا سبب ہیں،

صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بِجَاهِ نَبِيِّكَ

ان پر اور ان کی آل پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! تجھے تیرے برگزیدہ نبی

الْمُصْطَفٰى وَرَسُولِكَ الْمُرْتَضٰى وَوَلِيِّكَ الْمُجْتَبٰى طَهِّرْ

اور تیرے پسندیدہ رسول اور تیرے منتخب کردہ دوست کی جاہ کا واسطہ تو ہمارے دلوں کو

قُلُوبَنَا مِنْ كُلِّ وَصْفٍ يُّبَاعِدُنَا عَنْ مُّشَاهَدَتِكَ

ہر ایسی خصلت سے پاک کردے جو ہمیں تیرے مشاہدے سے دور کردے

وَمَحَبَّتِكَ وَأَمِتْنَا عَلَى السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَالشَّوْقِ

اور تیری محبت سے دور کردے اور ہمیں اہل سنت و الجماعت کے طریقہ

إِلٰى لِقَآئِكَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى

اور اپنی لقاء کے اشتیاق پر موت نصیب فرمااے جلال و اکرام والے اللہ، اور اے اللہ

سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

ہمارے آقا اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کے تمام آل و اصحاب پر صلوٰۃ و سلام نازل فرما

تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے

صِفَةُ رَوْضَةِ رَسُوْلِ اللهِ صلى الله عليه وسلم

هٰذِهٖ صِفَةُ الرَّوْضَةِ الْمُبَارَكَةِ الَّتِیْ دُفِنَ فِیْهَا رَسُوْلُ

یہ روضہ مبارک کا اندرونی نقشہ ہے جہاں رسول اللہ ﷺ اور آپ ﷺ کے

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَاهُ أَبُوْبَكْرٍ وَّ عُمَرُ

دونوں رفیق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ آرام فرما رہے ہیں،

رَضِیَ اللهُ عَنْهُمَا هٰكَذَا ذَكَرَهُ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ رَضِیَ

اسی طرح حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے بیان فرمایا ہے،

اللهُ عَنْهُمَا قَالَ دُفِنَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

وہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی آرام گاہ چبوترہ میں

وَسَلَّمَ فِی السَّهْوَةِ وَ دُفِنَ أَبُوْبَكْرٍ ۣ الصِّدِّيْقُ رَضِیَ

بنی ہوئی ہے اور آپ ﷺ کی قبر مبارک کے پچھلے حصے میں

اللهُ عَنْهُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تدفین عمل میں لائی گئی

وَدُفِنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ عِنْدَ رِجْلَیْ

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تدفین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی قبر مبارک

أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ وَبَقِيَتِ السَّهْوَةُ

کے پیچھے قدموں کی طرف عمل میں لائی گئی، اسی چبوترے کے مشرقی حصے پر

الشَّرْقِيَّةُ فَارِغَةً فِيْهَا مَوْضِعُ قَبْرٍ يُقَالُ لَهُ

جہاں ایک قبر کی جگہ خالی ہے کہ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے

وَاللهُ أَعْلَمُ إِنَّ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ

اور اللہ تعالیٰ ہی حقیقت سے واقف ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام

وَالسَّلَامُ يُدْفَنُ فِيْهِ وَكَذٰلِكَ جَاءَ فِي الْخَبَرِ عَنْ

کا مدفن اسی حصے میں ہوگا اور اس کی تائید اس حدیث مبارک سے بھی ہوتی ہے

رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَتْ عَائِشَةُ

جو رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمائی ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا

رَضِيَ اللهُ عَنْهَا رَأَيْتُ ثَلٰثَةَ أَقْمَارٍ سُقُوْطًا فِيْ حُجْرَتِيْ

فرماتی ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرے حجرے میں تین چاند اترے ہیں

فَقَصَصْتُ رُؤْيَايَ عَلٰى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ رَضِيَ اللهُ

میں نے اپنا یہ خواب اپنے والد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو سنایا

عَنْهُ فَقَالَ لِيْ يَا عَائِشَةُ لَيُدْفَنَنَّ فِيْ بَيْتِكِ ثَلٰثَةٌ

تو انہوں نے فرمایا اے عائشہ تمہارا حجرہ تین ایسی شخصیات کا مدفن بنے گا

هُمْ خَيْرُ أَهْلِ الْاَرْضِ فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ

جو روئے زمین میں سب سے بہتر اور برتر ہوں گے، پھر جب آپ ﷺ کا وصال ہوا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ دُفِنَ فِي بَيْتِيْ قَالَ لِيْ أَبُوبَكْرِ ؓ

اور میرا حجرہ میرے حبیب کی آخری آرام گاہ بنا تو مجھ سے میرے اباجان حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا

الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ هٰذَا وَاحِدٌ مِّنْ أَقْمَارِكِ

کہ تمہارے خواب کے مطابق تین چاندوں میں سے ایک چاند جو ان میں افضل ترین ہے تمہارے حجرے میں آگئے

وَهُوَ خَيْرُهُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ كَثِيْرًا

اللہ تعالیٰ آپ ﷺ پر اور آپ کی اولاد اور اصحاب پر خوب رحمتیں اور سلامتی نازل فرمائے

دُعَاءُ النِّيَّةِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے، اللہ میرے لئے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے،

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ

نہ نیکی کی طاقت ہے نہ گناہ سے بچنے کی قوت مگر اللہ بزرگ وبرتر کی توفیق سے، اے اللہ میں

أَبْرَأُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ إِلٰى حَوْلِكَ وَقُوَّتِكَ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ

اپنے زور و قوت سے بری ہو کر تیری طاقت اور زور کا سہارا لیتا ہوں،

نَوَيْتُ بِصَلٰوتِيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ میری نیت آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے میں

اِمْتِثَالًا لِّأَمْرِكَ وَتَصْدِيْقًا لِّنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

تیرے ارشاد کی تعمیل ہے اور تیرے نبی سیدنا محمد ﷺ کے سچے ہونے کا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَحَبَّةً فِيْهِ وَشَوْقًا إِلَيْهِ

اقرار و اظہار ہے اور ان کی محبت اور ان کی طرف اشتیاق ہے

وَتَعْظِيْمًا لِّقَدْرِهٖ وَ كَوْنَهٗ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلًا

اور ان کی تعظیم شان اور ان کا اس کے اہل ہونا ہے

لِّذٰلِكَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّي بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ وَأَزِلْ

لہٰذا اپنے فضل و احسان سے اس کو میری طرف سے قبول فرما اور میرے قلب سے

حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِيْ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ

غفلت کے پردے ہٹا دے اور مجھے اپنے نیک بندوں میں سے بنا دے

الصَّالِحِيْنَ اَللّٰهُمَّ زِدْهُ شَرَفًا عَلٰى شَرَفِهِ الَّذِيْ

اے اللہ ان کے شرف میں اضافہ فرما اس شرف پر جو تو نے ان کو بخشا ہے

أَوْلَيْتَهٗ وَعِزًّا عَلٰى عِزِّهِ الَّذِيْ أَعْطَيْتَهٗ وَنُوْرًا عَلٰى نُوْرِهِ

اور عزت میں اضافہ فرما اس عزت پر جو تو نے ان کو عطا فرمائی ہے اور نور پر اضافہ فرما

الَّذِيْ مِنْهُ خَلَقْتَهٗ وَأَعْلِ مَقَامَهٗ فِيْ مَقَامَاتِ

اس نور میں جس سے تو نے ان کو پیدا فرمایا ہے اور ان کا مرتبہ

الْمُرْسَلِيْنَ وَدَرَجَتَهٗ فِيْ دَرَجَاتِ النَّبِيِّيْنَ وَأَسْئَلُكَ

پیغمبروں کے مرتبوں میں اور ان کا درجہ نبیوں کے درجات میں بلند فرما

رِضَاكَ وَرِضَاهُ يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ مَعَ الْعَافِيَةِ الدَّائِمَةِ

اور اے پروردگار عالم میں تجھ سے تیری خوشنودی اور ان کی خوشنودی کا سوال کرتا ہوں دائمی عافیت

وَالْمَوْتَ عَلَى الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ وَكَلِمَتَيِ

اور قرآن و طریق سنت و الجماعت پر استقامت کے ساتھ

الشَّهَادَةِ عَلٰى تَحْقِيْقِهَا مِنْ غَيْرِ تَبْدِيْلٍ وَتَغْيِيْرٍ

اور حقیقی کلمہ شہادت جس میں کوئی تبدیلی اور تغیر نہ ہو پر موت آنے کا

وَاغْفِرْ لِيْ مَا ارْتَكَبْتُهُ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ

اور میرے گناہ جن کا میں مرتکب ہوا ہوں انہیں بخش دے اپنے فضل و احسان

وَكَرَمِكَ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا

اور جود و کرم سے اے ارحم الراحمین اور اللہ کا صلوٰۃ و سلام ہو

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل اور ان کے صحابہ پر

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ جَدِّدْ وَجَرِّدْ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ

اور ہر تعریف زیبا ہے اللہ رب العالمین کو اے اللہ اس وقت میں

وَفِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ مِنْ صَلَوَاتِكَ التَّامَّاتِ وَتَحِيَّاتِكَ

اور اس گھڑی میں نازل فرما اپنی نئی نئی کامل رحمتیں

الزَّاكِيَاتِ وَرِضْوَانِكَ الْأَكْبَرِ الْأَتَمِّ الْأَدْوَمِ عَلٰى

اور پاکیزہ تحفہ سلام اور اپنی بڑی اور مکمل اور دائمی خوشنودی،

أَكْمَلِ عَبْدٍ لَّكَ فِيْ هٰذَا الْعَالَمِ مِنْ بَنِيْ اٰدَمَ الَّذِيْ

صرف اپنے اس بندے پر جو اس عالم میں تمام اولاد آدم سے کامل ترین ہے

أَقَمْتَهُ لَكَ ظِلًّا وَّجَعَلْتَهُ لِحَوَآئِجِ خَلْقِكَ قِبْلَةً وَّمَحَلًّا

وہ ذات کہ اس کو تو نے اپنا سایہ بنا کر قائم کیا اور اپنی مخلوق کی حاجتوں کا قبلہ اور محل قرار دیا

وَّاصْطَفَيْتَهُ لِنَفْسِكَ وَأَقَمْتَهُ بِحُجَّتِكَ وَأَظْهَرْتَهُ

اور اس کو خاص اپنے لئے چن لیااور حجت قائم کرنے کے لئے اسے بھیجا

بِصُوْرَتِكَ وَاخْتَرْتَهُ مُسْتَوًى لِّتَجَلِّيْكَ وَمَنْزِلًا

اور اسے اپنی صفات کا مظہر بنایا اور اپنی تجلی کی سطح بنایا،

لِّتَنْفِيْذِ أَوَامِرِكَ وَنَوَاهِيْكَ فِيْ أَرْضِكَ وَسَمٰوٰتِكَ

اور زمین اور آسمان میں اپنے احکام اور ممانعتوں کے اجراء کا مقام بنایا

وَوَاسِطَةً بَيْنَكَ وَبَيْنَ مُكَوَّنَاتِكَ وَبَلِّغْ سَلَامَ عَبْدِكَ

اور اپنے اور اپنی تمامی مصنوعات کے درمیان واسطہ بنانے کے لئے اسے منتخب فرمایا اور اپنے اس ناچیز بندے کا

هٰذَا إِلَيْهِ فَعَلَيْهِ مِنْكَ الْاٰنَ وَمِنْ عَبْدِكَ أَشْرَفُ

سلام انہیں پہنچا کہ اب اس پر تیرے واسطے سے اور تیرے بندے کی طرف سے

الصَّلَوَاتِ وَأَفْضَلُ التَّحِيَّاتِ وَأَزْكَى التَّسْلِيْمَاتِ

بہترین درود ہو اور افضل ترین تحیہ ہو اور بے حد پاکیزہ سلام ہو

اَللّٰهُمَّ ذَكِّرْهُ بِيْ لِيَذْكُرَنِيْ عِنْدَكَ بِمَآ أَنْتَ أَعْلَمُ

اے اللہ ان کو میری یاد دلا دینا تاکہ وہ آپ کے پاس میرا ذکر فرما دیں ان چیزوں کے

أَنَّهٗ نَافِعٌ لِّيْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا عَلٰى قَدْرِ مَعْرِفَتِهٖ بِكَ

عطا کرنے کے بارے میں جسے تو خوب جانتا ہے کہ وہ میرے لئے مفید ہیں دنیا اور آخرت میں بقدر تیرے متعلق ان کی معرفت

وَمَنْزِلَتِهٖ لَدَيْكَ لَا عَلٰى قَدْرِ عِلْمِيْ وَمُنْتَهٰى فَهْمِيْ

اور تیرے نزدیک ان کی قدر و منزلت کے نہ بقدر میرے علم اور میرے مبلغ فہم کے،

إِنَّكَ بِكُلِّ فَضْلٍ جَدِيْرٌ وَعَلٰى مَا تَشَآءُ قَدِيْرٌ

بے شک تو ہر طرح کے فضل کے لائق ہے اور جو بھی چاہے اس پر قادر ہے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مَحْبُوْبًا فِيْ قَلْبِ الْاِنْسَانِ الْكَامِلِ وَحَبِّبْهُ

اے اللہ میری محبت کو کامل انسان (محمد ﷺ) کے دل میں جگہ دے اور ان کی محبت میرے اندر سما جائے

فِيَّ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

اور اللہ رحمتیں نازل فرمائے سیدنا و مولانا محمد ﷺ پر اور ان کی آل اور صحابہ پر

عَدَدَ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنِيْ

وجود کے ذروں کے بقدر اور اللہ کی معلومات کی تعداد کے موافق، اے اللہ مجھے

لِقِرَآءَتِهَا عَلَى الدَّوَامِ اٰمِيْنَ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ

اس کے ہمیشہ پڑھنے کی توفیق بخش یہ میری دعا قبول فرما اے پروردگار عالم

پہلی منزل بروز پیر

صَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ

اللہ کی رحمتیں اور سلامتی ہو ہمارے آقا سیدنا محمد ﷺ پر ان کی آل پر

وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

اور ان کے اصحاب پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی بیبیوں پر اور ان کی اولاد پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں

صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ

تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں اور سیدنا محمد ﷺ پراور ان کی بیبیوں پر

وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اوران کی اولاد پر برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں تُو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں

إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی اور سیدنا محمد ﷺ پراور آل سیدنا محمد ﷺ پر برکتیں نازل فرما

بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

جیسی برکتیں تُو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر دنیا جہان میں نازل فرمائی تھیں بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں اور سیدنا محمد ﷺ اور آل سیدنا محمد ﷺ پر برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں

بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ِۨ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ نبی اُمّی پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما جو تیرے خاص بندے اور تیرے پیغمبر ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اور اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر شفقت فرما

تَرَحَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ

جیسی شفقت حضرت ابراہیم علیہ السلام اور آل ابراہیم علیہ السلام پر فرمائی تھی

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

بیشک تو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے، اے اللہ اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

لطف و کرم فرما جیسا لطف و کرم تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام

إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى

اور آل ابراہیم علیہ السلام پر فرمایا تھا بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے. اور اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

اور آل سیدنا محمد ﷺ پر سلامتی بھیج جیسی سلامتی تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر

وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اور آل ابراہیم علیہ السلام پر بھیجی تھی بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَارْحَمْ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما اور محمد ﷺ پر

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اور آل محمد ﷺ پر رحم فرما اور محمد ﷺ پر اور آل محمد ﷺ پر برکتیں نازل فرما جیسی رحمتیں،

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَرَحِمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

رحم اور برکتیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر

وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ فِى الْعٰلَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اور آل ابراہیم علیہ السلام پر تمام جہانوں میں نازل فرمائی تھیں بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ۣ النَّبِيِّ وَأَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر جو تیرے نبی ہیں اور ان کی بیبیوں پر

الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى

جو مومنین کی مائیں ہیں اور ان کی اولاد پر اور ان کے گھر والوں پر رحمتیں نازل فرما جیسی رحمتیں تُو نے

إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى

ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے اے اللہ سیدنا محمد ﷺ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

اور آل محمد ﷺ پر برکتیں نازل فرما جیسی برکتیں تو نے آل ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھیں

إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بیشک تو ہی مستحق ثنا و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ دَاحِىَ الْمَدْحُوَّاتِ وَبَارِئَ الْمَسْمُوْكَاتِ وَجَبَّارَ

اے اللہ اے زمین کے فرش کو بچھانے والے اور اونچے آسمانوں کے بنانے والے

الْقُلُوْبِ عَلٰى فِطْرَتِهَا شَقِيِّهَا وَسَعِيْدِهَا اِجْعَلْ

اور قلوب کو ان کی سرشت پر مجبور کرنے والے چاہے وہ بدکار ہوں یا نیکو کار ہوں

شَرَائِفَ صَلَوَاتِكَ وَنَوَامِيَ بَرَكَاتِكَ وَرَأْفَةَ تَحَنُّنِكَ عَلٰى

اپنی شرف والی رحمتیں اور ترقی آمیز برکتیں اور کمال شفقت سیدنا محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ الْفَاتِحِ لِمَا أُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ

نازل فرما جو تیرے بندے اور تیرے پیغمبر ہیں جن نعمتوں کا دروازہ بند تھا ان کے کھولنے والے ہیں اور سلسلہ سابقہ کے

لِمَا سَبَقَ وَالْمُعْلِنِ الْحَقَّ بِالْحَقِّ وَالدَّامِغِ لِجَيْشَاتِ

ختم کرنے والے ہیں اور حق کا بذریعہ حق اعلان کرنے والے ہیں اور باطل کے لشکروں کے کچلنے والے ہیں،

الْاَبَاطِيْلِ كَمَا حُمِّلَ فَاضْطَلَعَ بِأَمْرِكَ بِطَاعَتِكَ

تیرے حکم کی تعمیل میں جتنا بھی بار ان پر ڈالا گیا پس اس کو قوت کے ساتھ اٹھالیا

مُسْتَوْفِزًا فِيْ مَرْضَاتِكَ وَاعِيًا لِّوَحْيِكَ حَافِظًا لِّعَهْدِكَ

تیری خوشنودی میں مستعجل اور تیری وحی کے حافظ اور تیرے عہد و پیمان کے محافظ

مَاضِيًا عَلٰى نَفَاذِ أَمْرِكَ حَتّٰى أَوْرٰى قَبَسًا لِّقَابِسٍ اٰلَاءُ

اور تیرے نفاذ حکم پر عامل بن کر یہاں تک کہ اس نور لینے والے کے لئے مشعل سلگا دی

اللهِ تَصِلُ بِأَهْلِهٖ أَسْبَابَهٗ بِهٖ هُدِيَتِ الْقُلُوْبُ بَعْدَ

جس کی قابلیت والے کو افضال الٰہیہ اس کے اسباب تک پہنچادیتے ہیں ان کے ذریعہ دلوں کو ہدایت نصیب ہوئی

خَوْضَاتِ الْفِتَنِ وَالْإِثْمِ وَأَبْهَجَ مُوْضِحَاتِ الْأَعْلَامِ

فتنوں اور گناہوں میں ڈوب جانے کے بعد اور اس نے واضح اعلانات

وَنَائِرَاتِ الْأَحْكَامِ وَمُنِيْرَاتِ الْإِسْلَامِ فَهُوَ أَمِيْنُكَ

اور چمکتے ہوئے احکام اور انوار اسلام کو خوش منظر بنا دیا، پس وہ تیرے قابل اطمینان

الْمَأْمُوْنُ وَخَازِنُ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ وَشَهِيْدُكَ

امین ہیں اور تیرے علم مستور کے خزانچی ہیں اور بروز جزا

يَوْمَ الدِّيْنِ وَبَعِيْثُكَ نِعْمَةً وَّرَسُوْلُكَ بِالْحَقِّ رَحْمَةً

تیرے گواہ ہیں اور تیری نعمت بنا کر بھیجے ہوئے ہیں اور تیرے برحق رسول ہیں مجسم رحمت ہیں،

اَللّٰهُمَّ افْسَحْ لَهٗ فِيْ عَدْنِكَ وَاجْزِهٖ مُضَاعَفَاتِ الْخَيْرِ

اے اللہ ان کو اپنی بہشت میں نہایت وسیع جگہ عطا فرما اور ان کو اپنے فضل سے المضاعف

مِنْ فَضْلِكَ مُهَنَّاٰتٍ لَّهٗ غَيْرَ مُكَدَّرَاتٍ مِّنْ فَوْزِ

بہترین بدلے عطا فرما جو ان کے لئے مبارک ہوں جس میں نام کو بھی کدورت نہ ہو

ثَوَابِكَ الْمَحْلُوْلِ وَجَزِيْلِ عَطَآئِكَ الْمَعْلُوْلِ

یعنی اپنے سر بہ مہر ثواب اور مکرر عطاء کثیر سے مستفیض فرما

اَللّٰهُمَّ أَعْلِ عَلٰى بِنَاءِ النَّاسِ بِنَآءَهٗ وَأَكْرِمْ مَثْوَاهُ

اے اللہ سب لوگوں کی تعمیر سے ان کی تعمیر کو بلند فرما اور ان کی اپنے پاس قیام گاہ

لَدَيْكَ وَنُزُلَهٗ وَأَتْمِمْ لَهٗ نُوْرَهٗ وَاجْزِهٖ مِنِ ابْتِعَاثِكَ لَهٗ

اور مہمانی کو نفیس بنا اور ان کا نور کامل فرما اور ان کو بروز قیامت یہ صلہ دے

مَقْبُوْلَ الشَّهَادَةِ وَمَرْضِيَّ الْمَقَالَةِ ذَا مَنْطِقٍ عَدْلٍ

کہ ان کو مقبول گواہی والا اور پسندیدہ قول والا اور منصفانہ گفتار والا

وَّخُطَّةٍ فَصْلٍ وَّبُرْهَانٍ عَظِيْمٍ

اور فیصلہ کن خصلت اور زبردست دلیل والا بنا کر اٹھا

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

(تو فرماتا ہے) بےشک اللہ اور اس کے فرشتے اس نبی پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں

اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

اے ایمان والوں تم بھی ان پر خوب صلوٰۃ اور سلام بھیجو(لہٰذا میں تعمیل کے لئے)

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ رَبِّيْ وَسَعْدَيْكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ الْبَرِّ

حاضر ہوں اے اللہ کامیابیاں تیری طرف سے ہیں بےشمار رحمتیں ہوں اللہ کی طرف سے

الرَّحِيْمِ وَالْمَلَآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَالنَّبِيِّيْنَ

جو محسن و مہربان ہے اور مقرب فرشتوں کی طرف سے اور نبیوں کی طرف سے

وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَمَا سَبَّحَ

اور صدیقین کی طرف سے اور شہداء و صالحین کی طرف سے اور ہر اس چیز کی طرف سے

لَكَ مِنْ شَيْءٍ يَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

جو تیری تسبیح پڑھتی ہے اے پروردگار عالم ہمارے آقا

بْنِ عَبْدِاللّٰهِ خَاتِمِ النَّبِيِّيْنَ وَسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ

محمد ﷺ بن عبداللہ پر جو نبیوں کے سلسلے کو ختم کرنے والے اور پیغمبروں کے سردار

وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ اَلشَّاهِدِ

اور پرہیز گاروں کے پیشوا اور پروردگار عالم کے رسول ہیں، گواہ ہیں،

الْبَشِيْرِ اَلدَّاعِىْ إِلَيْكَ بِإِذْنِكَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ

بشارت دینے والے ہیں، تیری اجازت سے تیری طرف بلانے والے ہیں، روشن چراغ ہیں

وَعَلَيْهِ السَّلَامُ

اور ان پر سلام ہو

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى

اے اللہ اپنی رحمتیں اور برکتیں اور عنایتیں نازل فرما

سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَإِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتِمِ

پیغمبروں کے سردار اور پرہیزگاروں کے پیشوا اور خاتم الانبیاء

النَّبِيِّيْنَ مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ إِمَامِ الْخَيْرِ

سیدنا محمد ﷺ پر جو تیرے بندے اور پیغمبر ہیں ہر کار خیر کے امام

وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ

اور ہر خوبی کے سردار اور رحمت والے رسول ہیں، اے اللہ ان کو

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَغْبِطُهُ فِيْهِ الْأَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ

اس مقام محمود میں پہنچا جس کے متعلق سب اگلے اور پچھلے ان پر رشک کریں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جیسی رحمت

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى

تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی بیشک تو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے، اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

اور آل سیدنا محمد ﷺ پر برکت نازل فرما جیسی برکت تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی

إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بیشک تُو ہی مستحق ثناء و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَأَوْلَادِهٖ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی آل و اصحاب پر اور ان کی اولاد و پر

وَأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَأَهْلِ بَيْتِهٖ وَأَصْهَارِهٖ وَأَنْصَارِهٖ

اور ان کی ازواج پر اور ان کی ذریت اور اہل بیت پر اور ان کے سسرالیوں اور انصار پر

وَأَشْيَاعِهٖ وَمُحِبِّيْهِ وَأُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ أَجْمَعِيْنَ

اور ان کے پیروؤں اور محبت رکھنے والوں پر اور ان کی امت پر اور ان کے ساتھ ہم پر رحمت نازل فرما

يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے ارحم الراحمین

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر ان پر درود بھیجنے والوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَن لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر ان سب کے بقدر رحمت نازل فرما جنہوں نے ان پر درود نہیں بھیجا

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جیسے تو نے ان پر درود بھیجنے کا ہمیں حکم فرمایا ہے

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا تُحِبُّ أَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر ایسے رحمت نازل فرما جیسے تجھے پسند ہے کہ ان پر رحمت بھیجی جائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا أَمَرْتَنَا

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر اتنی رحمت نازل فرما جتنا کہ تو نے ہمیں حکم فرمایا ہے

أَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ

کہ ہم آپ پر درود بھیجیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا هُوَ أَهْلُهٗ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما جس رحمت کے وہ لائق ہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر اتنی رحمتیں نازل فرما

تُحِبُّ وَتَرْضَاهُ لَهٗ

جتنا تجھ کو ان کے لئے محبوب اور پسند آئے

اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ اے سیدنا محمد ﷺ کے اور آل سیدنا محمد ﷺ کے رب، سیدنا محمد ﷺ پر

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّأَعْطِ مُحَمَّدَنِ الدَّرَجَةَ وَالْوَسِيْلَةَ فِي

اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمتیں نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ کو درجہ اور جنت میں مقام وسیلہ عطا فرما

الْجَنَّةِ اَللّٰهُمَّ يَا رَبَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اِجْزِ مُحَمَّدًا

وَبِطَاعَةِ الْأَجْسَادِ الْمُلْتَئِمَةِ بِعُرُوْقِهَا وَبِكَلِمَاتِكَ

اور بواسطہ جسموں کی اطاعت کے جو اپنی رگوں سے جا ملے اور بوسیلہ تیرے کلمات کے

النَّافِذَةِ فِيْهِمْ وَأَخْذِكَ الْحَقَّ مِنْهُمْ وَالْخَلَآئِقُ بَيْنَ

جو ان میں جاری ہوئے اور بوسیلہ تیرے اپنا حق وصول کرنے کے ان سے اس حال میں کہ مخلوقات تیرے حضور

يَدَيْكَ يَنْتَظِرُوْنَ فَصْلَ قَضَآءِكَ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَكَ

تیرے فیصلہ کن حکم کا انتظار دیکھ رہی ہوں گی اور تیری رحمت کی امید کر رہی ہوں گی

وَيَخَافُوْنَ عِقَابَكَ أَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ وَذِكْرَكَ

اور تیرے عذاب سے ڈر رہی ہوں گی، اس بات کی کہ تو میری آنکھ میں روشنی کردے اور اپنا ذکر

بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ عَلٰى لِسَانِيْ وَعَمَلًا صَالِحًا فَارْزُقْنِيْ

شب و روز میری زبان پر جاری کردے اور مجھے نیک عمل کرنے کی توفیق نصیب فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جیسی رحمت سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی

وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

اور سیدنا محمد ﷺ پر برکت اُتار جیسی برکت سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اُتاری تھی،

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور سیدنا محمد ﷺ کی اولاد پر اپنی رحمتیں اور برکتیں کر

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا جَعَلْتَهَا عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

جیسی تو نے سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر کی تھیں

إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

بیشک تو ہی حمد اور بزرگی والا ہے اور سیدنا محمد ﷺ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ

اور سیدنا محمد ﷺ کی اولاد پر برکت نازل فرما جیسی سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر

إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

برکت نازل فرمائی تھی بیشک تو ہی مستحق حمد و بزرگی ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو تیرے بندے اور رسول ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اور سب مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں اور سب مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں پر رحمت نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا أَحَاطَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی اولاد پر رحمت نازل فرما ان چیزوں کے شمار کے بقدر

بِهٖ عِلْمُكَ وَأَحْصَاهُ كِتَابُكَ وَشَهِدَتْ بِهٖ مَلَآئِكَتُكَ

جن کو تیرا علم محیط ہے اور جن کو تیری کتاب نے محفوظ کر رکھا ہے اور جن کی شہادت تیرے فرشتوں نے دی ہے

صَلٰوةً دَآئِمَةً تَدُوْمُ بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ

ایسی دائمی رحمت جو حکومت الہیہ کی ہمیشگی کے ساتھ ہمیشہ رہے

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ أَسْئَلُكَ بِأَسْمَآءِكَ الْعِظَامِ مَا عَلِمْتُ مِنْهَا

اے اللہ میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں تیرے ان باعظمت ناموں کے واسطہ سے جن کو میں جانتا ہوں

وَمَا لَمْ أَعْلَمْ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ سَمَّيْتَ بِهَا نَفْسَكَ

اور جن کو نہیں جانتا اور بوسیلہ ان ناموں کے جو تو نے اپنی ذات کے رکھے ہیں

مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا

جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو نہیں جانتا، یہ کہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما

مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ

جو تیرے بندے اور تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں ان چیزوں کے بقدر

قَبْلِ أَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً وَّالْأَرْضُ مَدْحِيَّةً

جن کو تو پیدا فرما چکا تھا اس سے پہلے کہ آسمان بنایا جائے اور زمین بچھائی جائے

وَّالْجِبَالُ مُرْسَاةً وَّالْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّالْأَنْهَارُ مُنْهَمِرَةً

اور پہاڑ گاڑے جائیں اور چشمے جاری ہوں اور نہریں بہنے لگیں

وَّالشَّمْسُ مُشْرِقَةً وَّالْقَمَرُ مُضِيْئًا وَّالْكَوَاكِبُ

اور سورج چمکنے لگے اور چاند دمکنے لگے اور تارے

مُسْتَنِيْرَةً وَّالْبِحَارُ مَجْرِيَّةً وَّالْأَشْجَارُ مُثْمِرَةً

روشن ہوجائیں اور دریا چلنے لگیں اور درخت پھلیں پھولیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ عِلْمِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اپنے علم کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

عَدَدَ حِلْمِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ كَلِمَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى

اپنے حلم کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر اپنے کلمات کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِعْمَتِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ فَضْلِكَ

اپنی نعمت کے بقدر رحمت نازل فرمااور سیدنا محمد ﷺ پر اپنے فضل کے بقدر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ جُوْدِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور سیدنا محمد ﷺ پر اپنی سخاوت کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

سَمٰوٰتِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ أَرْضِكَ وَصَلِّ عَلٰى

اپنے آسمانوں کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر اپنی زمین کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِیْ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ مِنْ مَّلَآئِكَتِكَ

ان فرشتوں کے بقدر رحمت نازل فرما جن کو تو نے اپنے ساتوں آسمانوں میں پیدا فرمایا ہے

وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ فِیْ أَرْضِكَ مِنَ الْجِنِّ

اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما بقدر اُن کے جو تو نے اپنی زمین میں پیدا فرمایا ہے جنات

وَالْاِنْسِ وَغَیْرِهِمَا مِنَ الْوَحْشِ وَالطَّیْرِ وَغَیْرِهِمَا

اور انسان میں سے اور اُن کے سوا جانور اور پرند وغیرہ میں سے

وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا جَرٰی بِهِ الْقَلَمُ فِیْ عِلْمِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما بقدر ان چیزوں کے جن کے متعلق تیرے علم غیب میں قلم چلا

غَیْبِكَ وَمَا یَجْرِیْ بِهٖ إِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وَصَلِّ عَلٰی

اور جن کے متعلق روز قیامت تک قلم چلے گا اور سیدنا محمد ﷺ پر

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْقَطْرِ وَالْمَطَرِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ

بارش کے قطروں کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما بقدر اُن کے

یَّحْمَدُكَ وَیَشْكُرُكَ وَیُهَلِّلُكَ وَیُمَجِّدُكَ وَیَشْهَدُ أَنَّكَ

جو تیری حمد کریں اور تیرا شکر کریں اور لا الٰہ الا اللہ کہیں اور تیری بڑائی ظاہر کریں اور گواہی دیں

أَنْتَ اللّٰهُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا صَلَّیْتَ عَلَیْهِ أَنْتَ

کہ بے شک تو ہی اللہ ہے اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما بقدر اس کے کہ جتنی تو نے اور تیرے فرشتوں نے

وَمَلَآئِكَتُكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ صَلّٰی عَلَیْهِ

ان پر صلوٰۃ بھیجی اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما بقدر ان کے جنہوں نے اُن پر تیری مخلوق میں سے درود پڑھا

مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما بقدر ان کے جنہوں نے اُن پر تیری مخلوق میں سے درود نہیں پڑھا

مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْجِبَالِ وَالرِّمَالِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر پہاڑوں اور ریت اور سنگریزوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَالْحَصٰى وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ الشَّجَرِ وَأَوْرَاقِهَا

اور سیدنا محمد ﷺ پر درختوں اور ان کے پتوں کے

وَالْمَدَرِ وَأَثْقَالِهَا وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ كُلِّ سَنَةٍ

اور ڈھیلوں اور ان کے بوجھ کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر ہر سال کے بقدر

وَمَا تَخْلُقُ فِيْهَا وَمَا يَمُوْتُ فِيْهَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

اور ان سب کے بقدر رحمت نازل فرما جو تو قیامت کے دن تک ہر سال میں پیدا فرمائے گا اور جو اس میں مریں گے

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا تَخْلُقُ كُلَّ يَوْمٍ وَمَا يَمُوْتُ

اور سیدنا محمد ﷺ پر ان سب کے بقدر رحمت نازل فرما جو روزانہ پیدا ہوں گے اور جو روزانہ مریں گے

فِيْهِ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

قیامت کے دن تک

اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ مَا

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر بادلوں کے بقدر رحمت نازل فرما

بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ وَمَا تَمْطُرُ مِنَ الْمِيَاهِ وَصَلِّ عَلٰى

جو آسمان و زمین کے درمیان چلتے ہیں اور جتنی مقدار پانی برساتے ہیں

مُحَمَّدٍ عَدَدَ الرِّيَاحِ الْمُسَخَّرَاتِ فِيْ مَشَارِقِ الْأَرْضِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر ہواؤں کے بقدر جو زمین کے مشرقوں

وَمَغَارِبِهَا وَجَوْفِهَا وَقِبْلَتِهَا وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور مغربوں میں اور زمین کے اندر اور اس کے جنوب میں مسخر ہیں رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ

آسمان کے تاروں کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر ان سب چیزوں کے بقدر

فِيْ بِحَارِكَ مِنَ الْحِيْتَانِ وَالدَّوَابِّ وَالْمِيَاهِ وَالرِّمَالِ

رحمت نازل فرما جو تو نے اپنے دریاؤں میں پیدا فرمائی ہیں مچھلیوں اور جانوروں اور پانی اور ریت

وَغَيْرِ ذٰلِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ النَّبَاتِ وَالْحَصٰى

وغیرہ میں سے اور سیدنا محمد ﷺ پر پیداوار زمین اور سنگریزوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ النَّمْلِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور سیدنا محمد ﷺ پر چیونٹیوں کی تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

الْمِيَاهِ الْعَذْبَةِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْمِيَاهِ الْمِلْحَةِ

شیریں پانیوں کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر کھاری پانیوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِعْمَتِكَ عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ

اور سیدنا محمد ﷺ پر اپنی نعمت کے بقدر رحمت نازل فرما جو تو نے اپنی سب مخلوق پر کیں

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ نِقْمَتِكَ وَعَذَابِكَ عَلٰى مَنْ كَفَرَ

اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما سیدنا محمد ﷺ سے کفر کرنے والوں پر اپنے عتاب

بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور عذاب کے بقدر اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما

مَا دَامَتِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ

جب تک دنیا اور آخرت رہے اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما

مَا دَامَتِ الْخَلَآئِقُ فِي الْجَنَّةِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ

جب تک مخلوق جنت میں رہے اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما

مَا دَامَتِ الْخَلَآئِقُ فِي النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَلٰى قَدْرِ

جب تک مخلوق دوزخ میں رہےاور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جتنی مقدار

مَا تُحِبُّهُ وَتَرْضَاهُ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَلٰى قَدْرِ مَا يُحِبُّكَ

تو پسند فرمائے اور تیری مرضی ہو اور سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما ایسی مقدار جو تجھے خوش کرے

وَيَرْضَاكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ أَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَأَنْزِلْهُ

اور راضی کرے اور سیدنا محمد ﷺ پر ہمیشہ ہمیشہ رحمت نازل فرما

الْمُنْزَلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ وَأَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ

اور ان کو اس مقام میں اتار جو تیرے نزدیک مقرب ہو اور ان کو وسیلہ اور فضیلت

وَالشَّفَاعَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ

اور شفاعت اور بلند درجہ عطا فرما اور ان کو اس مقام محمود میں پہنچا

الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهُ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بیشک تو وعدہ کے خلاف نہیں کیا کرتا

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ بِأَنَّكَ مَالِكِيْ وَسَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ

اے اللہ میں اس بناء پر تجھ سے مانگتا ہوں کہ تو میرا مالک اور میرا آقا اور میرا مولیٰ

وَثِقَتِيْ وَرَجَآءِيْ أَسْأَلُكَ بِحُرْمَةِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْبَلَدِ

اور میرا بھروسہ اور میری امید ہے میں تجھے حرمت والے مہینے

الْحَرَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَقَبْرِ نَبِيِّكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور حرمت والے شہر اور مشعر الحرام اور تیرے نبی علیہ السلام کی قبر کی حرمت کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں

أَنْ تَهَبَ لِيْ مِنَ الْخَيْرِ مَا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ إِلَّا أَنْتَ

کہ مجھے وہ خوبی عطا فرما جس کو تیرے علاوہ کوئی نہیں جانتا

وَتَصْرِفَ عَنِّيْ مِنَ السُّوْءِ مَا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ إِلَّا أَنْتَ

اور مجھ سے وہ برائی دور کردے جسے تیرے علاوہ کوئی نہیں جانتا

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ وَّهَبَ لِسَيِّدِنَا اٰدَمَ سَيِّدَنَا شِيْثَ

اے اللہ اے وہ ذات جس نے حضرت آدم علیہ السلام کو حضرت شیث علیہ السلام عطا فرمائے

وَلِسَيِّدِنَا إِبْرَاهِيْمَ سَيِّدَنَا إِسْمٰعِيْلَ وَسَيِّدَنَا إِسْحٰقَ

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام عطا کئے

وَرَدَّ سَيِّدَنَا يُوْسُفَ عَلٰى سَيِّدِنَا يَعْقُوْبَ وَيَا مَنْ كَشَفَ

اور حضرت یوسف علیہ السلام کو حضرت یعقوب علیہ السلام کے پاس واپس لائے اور اے وہ ذات

الْبَلَآءَ عَنْ سَيِّدِنَا أَيُّوْبَ وَيَا مَنْ رَدَّ سَيِّدَنَا مُوْسٰى

جس نے حضرت ایوب علیہ السلام کی تکلیف دور فرمائی اور اے وہ ذات جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو

إِلٰى أُمِّهٖ وَيَا زَائِدَ سَيِّدِنَا الْخَضِرِ فِيْ عِلْمِهٖ وَيَا مَنْ وَّهَبَ

ان کی ماں کے پاس واپس لوٹایا اور اے حضرت خضر علیہ السلام کو زائد علم دینے والے

لِسَيِّدِنَا دَاوٗدَ سَيِّدَنَا سُلَيْمَانَ وَلِسَيِّدِنَا زَكَرِيَّا سَيِّدَنَا

اور اے حضرت داؤد علیہ السلام کو حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت زکریا علیہ السلام کو

يَحْيٰى وَلِسَيِّدَتِنَا مَرْيَمَ سَيِّدَنَا عِيْسٰى وَيَا حَافِظَ ابْنَةِ

حضرت یحییٰ علیہ السلام عطا فرمانے والے اور حضرت مریم علیہا السلام کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام عطا فرمانے والے

سَيِّدِنَا شُعَيْبٍ أَسْئَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اور اے حضرت شعیب علیہ السلام کی بیٹی کے نگہبان میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ سیدنا محمد ﷺ پر

وَعَلٰى جَمِيْعِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَيَا مَنْ وَّهَبَ

اور تمام نبیوں اور رسولوں پر رحمت نازل فرما اور اے وہ ذات

لِسَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّفَاعَةَ

جس نے سیدنا محمد ﷺ کو مرتبہ شفاعت

وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ أَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَتَسْتُرَ لِيْ عُيُوْبِيْ

اور بلند درجہ عطا فرمایا میرے گناہ بخش دے اور میرے سارے عیوب ڈھانپ لے

كُلَّهَا وَتُجِيْرَنِيْ مِنَ النَّارِ وَتُوْجِبَ لِيْ رِضْوَانَكَ

اور مجھے دوزخ سے پناہ دے اور میرے لئے اپنی خوشنودی،

وَأَمَانَكَ وَغُفْرَانَكَ وَإِحْسَانَكَ وَتُمَتِّعَنِيْ فِيْ جَنَّتِكَ

اپنی امان، اپنی بخشش اور اپنا احسان واجب قرار دے اور مجھے اپنی جنت میں ان کے ساتھ بہرہ مند فرما

مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ

جن پر تو نے انعام فرمایا ہے نبیوں اور صدیقین

وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اور شہداء اور صالحین میں سے بےشک تو ہر چیز پر قادر ہے

وَصَلَّى اللهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَآ أَزْعَجَتِ الرِّيَاحُ

اور اللہ کی رحمت ہو سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی اولاد پر جب تک ہوائیں

سَحَابًا رُّكَامًا وَذَاقَ كُلُّ ذِيْ رُوْحٍ حِمَامًا وَأَوْصِلِ

بادلوں کو اٹھاتی رہیں اور ہر ذی روح موت کا ذائقہ چکھتا رہے

السَّلَامَ لِأَهْلِ السَّلَامِ فِيْ دَارِ السَّلَامِ تَحِيَّةً وَّسَلَامًا

اور سلامتی والوں کو دار السلام میں سلام پہنچا ہدیہ اور سلام بنا کر

١ اَللّٰهُمَّ أَفْرِدْنِيْ لِمَا خَلَقْتَنِيْ لَهٗ وَلَا تَشْغَلْنِيْ بِمَا

اے اللہ مجھے صرف اسی کام میں لگا جس کے لئے تو نے مجھے پیدا کیا ہے اور اس میں مشغول نہ کر

تَكَفَّلْتَ لِيْ بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ وَأَنَا أَسْأَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِيْ

جس کا تو ضامن بن چکا ہے اور مجھے محروم نہ فرما جبکہ میں تجھ سے مانگ رہا ہوں اور مجھے عذاب نہ دے

وَأَنَا أَسْتَغْفِرُكَ

جبکہ میں تجھ سے مغفرت چاہ رہا ہوں

٢ اَللّٰهُمَّ أَفْرِدْنِيْ لِمَا خَلَقْتَنِيْ لَهٗ وَلَا تَشْغَلْنِيْ بِمَا

اے اللہ مجھے صرف اسی کام میں لگا جس کے لئے تو نے مجھے پیدا کیا ہے اور اس میں مشغول نہ کر

تَكَفَّلْتَ لِيْ بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ وَأَنَا أَسْئَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِيْ

جس کا تو ضامن بن چکا ہے اور مجھے محروم نہ فرما جبکہ میں تجھ سے مانگ رہا ہوں اور مجھے عذاب نہ دے

وَأَنَا أَسْتَغْفِرُكَ

جبکہ میں تجھ سے مغفرت چاہ رہا ہوں

٣ اَللّٰهُمَّ أَفْرِدْنِيْ لِمَا خَلَقْتَنِيْ لَهٗ وَلَا تَشْغَلْنِيْ بِمَا

اے اللہ مجھے صرف اسی کام میں لگا جس کے لئے تو نے مجھے پیدا کیا ہے اور اس میں مشغول نہ کر

تَكَفَّلْتَ لِيْ بِهٖ وَلَا تَحْرِمْنِيْ وَأَنَا أَسْئَلُكَ وَلَا تُعَذِّبْنِيْ

جس کا تو ضامن بن چکا ہے اور مجھے محروم نہ فرما جبکہ میں تجھ سے مانگ رہا ہوں اور مجھے عذاب نہ دے

وَأَنَا أَسْتَغْفِرُكَ

جبکہ میں تجھ سے مغفرت چاہ رہا ہوں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما اور سلامتی بھیج

١ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں تیرے حبیب کے وسیلہ سے جو کہ تیرے نزدیک برگزیدہ ہیں

عِنْدَكَ يَا حَبِيْبَنَا يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدُ إِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ

اے ہمارے حبیب اے ہمارے سردار محمد ﷺ ہم آپ کو آپ کے رب کے حضور وسیلہ بناتے ہیں

إِلٰى رَبِّكَ فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ يَا نِعْمَ

تو آپ عظمت والے مولیٰ کی بارگاہ میں ہماری سفارش فرما دیجئے،

الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ

اے اچھے رسول پاک، الٰہی ان کی سفارش ہمارے حق میں قبول فرما ان کی جاہ کی حرمت کے بقدر جو تیرے نزدیک ہے

۲ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں تیرے حبیب کے وسیلہ سے جو کہ تیرے نزدیک برگزیدہ ہیں

عِنْدَكَ يَا حَبِيْبَنَا يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدُ إِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ

اے ہمارے حبیب اے ہمارے سردار محمد ﷺ ہم آپ کو آپ کے رب کے حضور وسیلہ بناتے ہیں

إِلٰى رَبِّكَ فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ يَا نِعْمَ

تو آپ عظمت والے مولی کی بارگاہ میں ہماری سفارش فرما دیجئے،

الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ

اے اچھے رسول پاک، الٰہی ان کی سفارش ہمارے حق میں قبول فرما ان کی جاہ کی حرمت کے بقدر جو تیرے نزدیک ہے

۳ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِحَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں تیرے حبیب کے وسیلہ سے جو کہ تیرے نزدیک برگزیدہ ہیں

عِنْدَكَ يَا حَبِيْبَنَا يَا سَيِّدَنَا مُحَمَّدُ إِنَّا نَتَوَسَّلُ بِكَ

اے ہمارے حبیب اے ہمارے سردار محمد ﷺ ہم آپ کو آپ کے رب کے حضور وسیلہ بناتے ہیں

إِلٰى رَبِّكَ فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ الْمَوْلَى الْعَظِيْمِ يَا نِعْمَ

تو آپ عظمت والے مولی کی بارگاہ میں ہماری سفارش فرما دیجئے،

الرَّسُوْلُ الطَّاهِرُ اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيْنَا بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ

اے اچھے رسول پاک، الٰہی ان کی سفارش ہمارے حق میں قبول فرما ان کی جاہ کی حرمت کے بقدر جو تیرے نزدیک ہے

اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنْ خَيْرِ الْمُصَلِّيْنَ وَالْمُسَلِّمِيْنَ عَلَيْهِ

اے اللہ ہمیں ان پر بہتر درود بھیجنے والوں میں اور سلام بھیجنے والوں میں

وَمِنْ خَيْرِ الْمُقَرَّبِيْنَ مِنْهُ وَالْوَارِدِيْنَ عَلَيْهِ وَمِنْ

اور ان کے بہترین مقربوں اور ان کے سامنے حاضر ہونے والوں میں

أَخْيَارِ الْمُحِبِّيْنَ فِيْهِ وَالْمَحْبُوْبِيْنَ لَدَيْهِ وَفَرِّحْنَا بِهٖ

اور ان کے بہترین عشاق اور ان کے محبوبین میں شامل کر اور ہمیں ان (کی زیارت) سے

فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ وَاجْعَلْهُ لَنَا دَلِيْلاً إِلٰى جَنَّةِ

میدان قیامت میں فرحت بخش اور ان کو ہمارے لئے جنت نعیم کا راہبر

النَّعِيْمِ بِلَا مَؤُوْنَةٍ وَّلَا مَشَقَّةٍ وَّلَا مُنَاقَشَةِ الْحِسَابِ

بلا کلفت و بلا مشقت اور بلا کشاکشی حساب کے بنا

وَاجْعَلْهُ مُقْبِلاً عَلَيْنَا وَلَا تَجْعَلْهُ غَاضِبًا عَلَيْنَا

اور ان کو ہم پر توجہ فرمانے والا بنا اور ان کو ہم پہ غضبناک نہ بنا

وَاغْفِرْلَنَا وَلِوَالِدِيْنَا وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ

اور بخش دے ہمیں اور ہمارے آباء کو اور تمام مسلمان مردوں کو

وَالْمُسْلِمَاتِ الْأَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْمَيِّتِيْنَ وَاٰخِرُ دَعْوَانَا

اور مسلمان عورتوں کو جو زندہ ہیں ان کو بھی اور جو مرچکے ہیں ان کو بھی اور ہمارا آخری کلمہ یہ ہے کہ

أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

سب تعریف اللہ کو زیبا ہے جو تمام جہانوں کا رب ہے

فَأَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قُيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ

پس میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ اے اللہ اے اللہ اے حی اے قیوم اے جلال

وَالْاِكْرَامِ لَآ إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّيْ كُنْتُ مِنَ

اور انعام والے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے ہوں

الظّٰلِمِيْنَ أَسْئَلُكَ بِمَا حَمَلَ كُرْسِيُّكَ مِنْ عَظَمَتِكَ

میں تجھ سے ان تمام کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں جس کا تیری کرسی نے تحمل کیا ہوا ہے تیری عظمت میں سے

وَجَلَالِكَ وَجَمَالِكَ وَبَهَآءِكَ وَقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ

اور تیرے جلال میں سے اور تیرے نور میں سے اور تیری قدرت میں سے اور تیرے اقتدار میں سے

وَبِحَقِّ أَسْمَآءِكَ الْمَخْزُوْنَةِ الْمَكْنُوْنَةِ الْمُطَهَّرَةِ الَّتِيْ

اور تیرے ان ناموں کی حرمت کا واسطہ دے کر جو مستور و مخفی اور پاک ہیں،

لَمْ يَطَّلِعْ عَلَيْهَا أَحَدٌ مِّنْ خَلْقِكَ وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِيْ

تیری مخلوق میں سے ان پر کوئی بھی آگاہ نہیں ہوا اور اس نام کے واسطہ سے

وَضَعْتَهٗ عَلَى اللَّيْلِ فَأَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاسْتَنَارَ

جو تو نے رات پر رکھا تو وہ تاریک ہوگئی اور دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا

وَعَلَى السَّمٰوَاتِ فَاسْتَقَلَّتْ وَعَلَى الْأَرْضِ فَاسْتَقَرَّتْ

اور آسمانوں پر رکھا تو وہ قائم ہوگئے اور زمین پر رکھا تو وہ ٹھہر گئی

وَعَلَى الْبِحَارِ فَانْفَجَرَتْ وَعَلَى الْعُيُوْنِ فَنَبَعَتْ وَعَلَى

اور دریاؤں پر رکھا تو وہ جاری ہوگئے اور چشموں پر رکھا تو وہ اُبل پڑے

السَّحَابِ فَأَمْطَرَتْ وَأَسْئَلُكَ بِالْأَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ

اور بادلوں پر رکھا تو وہ برسنے لگے اور میں تجھ سے ان ناموں کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں

فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ

جو جبریل علیہ السلام کی پیشانی میں لکھے ہوئے ہیں اور ان ناموں کا واسطہ دے کر

الْمَكْتُوْبَةِ فِيْ جَبْهَةِ سَيِّدِنَا إِسْرَافِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

جو اسرافیل علیہ السلام کی پیشانی میں لکھے ہوئے ہیں

وَعَلٰى جَمِيْعِ الْمَلَآئِكَةِ وَأَسْئَلُكَ بِالْأَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ

اور تمام فرشتوں پر اور میں تجھ سے مانگتا ہوں ان ناموں کے واسطہ سے

حَوْلَ الْعَرْشِ وَبِالْأَسْمَآءِ الْمَكْتُوْبَةِ حَوْلَ الْكُرْسِيِّ

جو عرش کے چاروں طرف لکھے ہوئے ہیں اور ان ناموں کے واسطہ سے جو کرسی کے چاروں طرف تحریر ہیں

وَأَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْأَعْظَمِ الَّذِيْ سَمَّيْتَ بِهٖ

اور تجھ سے مانگتا ہوں اس باعظمت اور شان والے تیرے نام کے واسطہ سے جو تو نے اپنا تجویز فرمایا

نَفْسَكَ وَأَسْئَلُكَ بِحَقِّ أَسْمَاءِكَ كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا

اور تجھ سے مانگتا ہوں تیرے ان تمام ناموں کے واسطہ سے جن کو میں جانتا ہوں

وَمَا لَمْ أَعْلَمْ وَأَسْئَلُكَ بِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا

اور ان تمام ناموں کا جنہیں میں نہیں جانتا اور میں تجھ سے مانگتا ہوں ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

سَيِّدُنَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا

سیدنا آدم علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

سَيِّدُنَا نُوحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَاءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا

سیدنا نوح علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

سَيِّدُنَا صَالِحٌ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَاءِ الَّتِي دَعَاكَ

سیدنا صالح علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

بِهَا سَيِّدُنَا يَعْقُوبُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَاءِ الَّتِي

سیدنا یعقوب علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوسُفُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَاءِ

سیدنا یوسف علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے

الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُونُسُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا یونس علیہ السلام نے دعا مانگی

وَبِالْأَسْمَاءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا موسیٰ علیہ السلام نے دعا مانگی

وَبِالْأَسْمَاءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا هَارُونُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا ہارون علیہ السلام نے دعا مانگی

وَبِالْأَسْمَاءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا شُعَيْبٌ عَلَيْهِ

اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا شعیب علیہ السلام نے دعا مانگی

السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَاءِ الَّتِي دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا إِبْرَاهِيمُ

اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا

دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

إِسْمٰعِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا

سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

سَيِّدُنَا دَاوٗدُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا

سیدنا داؤد علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

سَيِّدُنَا سُلَيْمَانُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ

سیدنا سلیمان علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے

بِهَا سَيِّدُنَا اَرْمِيَآءُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ

سیدنا ارمیاہ علیہ االسلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے

دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا زَكَرِيَّا عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ

جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا زکریا علیہ االسلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے

الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يَحْيٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ

جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا یحییٰ علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے

الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا يُوْشَعُ عَلَيْهِ السَّلَامُ

جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا یوشع علیہ السلام نے دعا مانگی

وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِيْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا الْخَضِرُ عَلَيْهِ

اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا خضر علیہ السلام نے دعا مانگی

السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا إِلْيَاسُ
اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا الیاس علیہ السلام نے
عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا
دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے
الْيَسَعُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا
سیدنا الیسع علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے
سَيِّدُنَا ذُوالْكِفْلِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِیْ
سیدنا ذوالکفل علیہ السلام نے دعا مانگی اور ان ناموں کے واسطہ سے
دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ
جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے دعا مانگی
وَبِالْأَسْمَآءِ الَّتِیْ دَعَاكَ بِهَا سَيِّدُنَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ
اور ان ناموں کے واسطہ سے جن کے ذریعہ تجھ سے سیدنا محمد ﷺ نے دعا مانگی
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيُّكَ وَرَسُوْلُكَ وَحَبِيْبُكَ وَصَفِيُّكَ
جو تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں اور تیرے محبوب اور تیرے برگزیدہ ہیں،
يَا مَنْ قَالَ وَقَوْلُهُ الْحَقُّ وَاللهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ
اے وہ ذات جس نے فرمایا اور اس کا فرمانا حق ہے کہ اللہ ہی نے تم کو اور تمہارے اعمال کو پیدا کیا ہے
وَلَا يَصْدُرُ عَنْ أَحَدٍ مِّنْ عَبِيْدِهٖ قَوْلٌ وَّلَا فِعْلٌ
اور اس کے بندوں میں کسی سے بھی کوئی قول، کوئی فعل،

وَّلَا حَرَكَةٌ وَّلَا سُكُوْنٌ إِلَّا وَقَدْ سَبَقَ فِيْ عِلْمِهٖ وَقَضَآءِهٖ

کوئی حرکت اور کوئی سکون صادر نہیں ہوتا مگر یہ کہ وہ پہلے ہی سے اس کے علم اور اس کی قضا

وَقَدْرِهٖ كَيْفَ يَكُوْنُ كَمَا أَلْهَمْتَنِيْ وَقَضَيْتَ لِيْ

اور قدر میں طے ہوچکا ہے، ایسا کیونکر ہوگا کہ جس طرح تو نے میرے دل میں ڈالا اور میرے لئے مقدر فرمایا

بِقِرَآءَةِ هٰذَا الْكِتَابِ وَيَسَّرْتَ عَلَيَّ فِيْهِ الطَّرِيْقَ

اس کتاب (دلائل الخیرات) کا پڑھنا اور مجھے اس سے متعلق طریق

وَالْأَسْبَابَ وَنَفَيْتَ عَنْ قَلْبِيْ فِيْ هٰذَا النَّبِيِّ الْكَرِيْمِ

اور اسباب میسر فرما دیئے اور تو نے میرے دل سے میرے محترم و بزرگ نبی کے متعلق

الشَّكَّ وَالْإِرْتِيَابَ وَغَلَّبْتَ حُبَّهٗ عِنْدِيْ عَلٰى حُبِّ

شک اور شبہ مٹادیا اور ان کی محبت میرے لئے تمام عزیزوں

جَمِيْعِ الْأَقْرِبَآءِ وَالْأَحِبَّآءِ أَسْئَلُكَ يَآ اَللهُ يَآ اَللهُ يَآ اَللهُ

اور دوستوں کی محبت پر غالب کردی، میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ اے اللہ اے اللہ

أَنْ تَرْزُقَنِيْ وَكُلَّ مَنْ أَحَبَّهٗ وَاتَّبَعَهٗ شَفَاعَتَهٗ وَمُرَافَقَتَهٗ

مجھے اور ہر اس شخص کو جو ان سے محبت رکھے اور ان کی اتباع کرے ان کی شفاعت اور ان کی معیت

يَوْمَ الْحِسَابِ مِنْ غَيْرِ مُنَاقَشَةٍ وَّلَا عَذَابٍ وَّلَا تَوْبِيْخٍ

بروز حساب نصیب فرما بغیر کسی کشاکش کے اور بغیر کسی عذاب کے اور بغیر کسی ڈانٹ کے

وَّلَا عِتَابٍ وَأَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَتَسْتُرَ لِيْ عُيُوْبِيْ كُلَّهَا

اور بغیر کسی عتاب کے اور میرے گناہ بخش دے اور میرے سارے عیوب چھپالے

يَا وَهَّابُ يَا غَفَّارُ وَأَنْ تُنَعِّمَنِيْ بِالنَّظَرِ إِلٰى وَجْهِكَ

اے وہاب اے غفار اور مجھے اپنے دیدار کی لذت عطا فرما جس کے ذریعے میں تیرے کریم چہرے

الْكَرِيْمِ فِيْ جُمْلَةِ الْأَحْبَابِ يَوْمَ الْمَزِيْدِ وَالثَّوَابِ

کی زیارت کروں دوستوں کے زمرہ میں اضافۂ انعام اور ثواب کے دن

وَأَنْ تَتَقَبَّلَ مِنِّيْ عَمَلِيْ وَأَنْ تَعْفُوَ عَمَّا أَحَاطَ عِلْمُكَ بِهٖ

اور مجھ سے میرا عمل قبول فرما اور وہ تمام چیزیں جو تیرے علم کے احاطے میں ہیں

مِنْ خَطِيْئَتِيْ وَنِسْيَانِيْ وَعِصْيَانِيْ وَزَلَلِيْ وَأَنْ تُبَلِّغَنِيْ

میری خطا اور بھول اور لغزش ہے اور حق بات سے پھسلنا ہے وہ سب معاف فرما دے

مِنْ زِيَارَةِ قَبْرِهٖ وَالتَّسْلِيْمِ عَلَيْهِ وَعَلٰى صَاحِبَيْهِ غَايَةَ

اور مجھے ان کی قبر شریف کی زیارت اور ان پر اور ان کے صاحبین پر سلام عرض کرنے کے متعلق

أَمَلِيْ بِمَنِّكَ وَفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ يَا رَؤُفُ

میری منتہاء آرزو پر پہنچا اپنے احسان و فضل اور جود و کرم سے اے نہایت شفقت کرنے والے

يَا رَحِيْمُ يَا وَلِيُّ وَأَنْ تُجَازِيَهٗ عَنِّيْ وَعَنْ كُلِّ مَنْ اٰمَنَ

اور رحم فرمانے والے اے کارساز اور ان کو میری طرف سے اور ہر شخص کی طرف جو ان پر ایمان لایا

بِهٖ وَاتَّبَعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْأَحْيَاءِ

اور ان کا اتباع کیا مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں میں سے چاہے وہ زندہ ہوں

مِنْهُمْ وَالْأَمْوَاتِ أَفْضَلَ وَأَتَمَّ وَأَعَمَّ مَا جَازَيْتَ

یا وفات پا چکے ہوں افضل اور اکمل اور وسیع ترین صلہ عطا فرما جو تو نے کسی کو

بِهٖ أَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ يَا قَوِيُّ يَا عَزِيْزُ يَا عَلِيُّ

اپنی مخلوق میں دیا ہو اے قوت و غلبہ والے اے عالی ذات

وَأَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَا أَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكَ أَنْ تُصَلِّيَ

اور اے اللہ میں تجھ سے ان تمام کے واسطہ سے مانگتا ہوں جس کی میں نے تجھ کو قسم دی

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ

کہ سیدنا محمد ﷺ پر اور سیدنا محمد ﷺ کی آل پر رحمت نازل فرما ان تمام کے بقدر

أَنْ تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً وَالْأَرْضُ مَدْحِيَّةً وَّالْجِبَالُ

جن کو تو نے پیدا فرمایا ہے آسمان بنائے جانے سے پہلے اور زمین بچھائی جانے سے پہلے اور پہاڑوں

عُلْوِيَّةً وَّالْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّالْبِحَارُ مُسَخَّرَةً وَّالْأَنْهَارُ

کے اونچا ہونے سے پہلے اور چشموں کے جاری ہونے سے پہلے اور دریاؤں کے تابع فرمان ہونے سے پہلے

مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِيَةً وَّالْقَمَرُ مُضِيْئًا وَّالنَّجْمُ

اور نہروں کے بہنے سے پہلے اور آفتاب کے روشن ہونے سے پہلے اور چاند کے چمکنے اور تاروں کے دمکنے سے پہلے

مُنِيْرًا وَّلَا يَعْلَمُ أَحَدٌ حَيْثُ تَكُوْنُ إِلَّا أَنْتَ وَأَنْ تُصَلِّيَ

پیدا فرمادیا تھا اور بجز تیرے کوئی بھی نہ جانتا تھا کہ تیری کیا شان تھی اور ان پر

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ كَلِمَاتِكَ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اور ان کی آل پر اپنے کلمات کی تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر

عَدَدَ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ وَحُرُوْفِهٖ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

قرآن کی آیتوں اور اس کے حروف کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر

عَدَدَ مَنْ يُّصَلِّيْ عَلَيْهِ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ

ان پر درود پڑھنے والوں کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر

مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِلْأَ

ان پر درود نہ پڑھنے والوں کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر اتنی رحمت نازل فرما

أَرْضِكَ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهٖ

جو تیری زمین کو لبریز کردے اور ان پر اور ان کی آل پر ان چیزوں کے بقدر رحمت نازل فرما

الْقَلَمُ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ

جن کے متعلق لوح محفوظ میں قلم چلا اور ان پر اور ان کی آل پر ان چیزوں کے بقدر رحمت نازل فرما

مَا خَلَقْتَ فِيْ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

جو تو نے اپنے ساتوں آسمانوں میں پیدا فرمائیں اور ان پر اور ان کی آل پر ان کے بقدر رحمت نازل فرما

عَدَدَ مَا أَنْتَ خَالِقُهٗ فِيْهِنَّ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ

جن کو تو آسمانوں میں پیدا فرمائے گا تا روز قیامت ہر دن میں

أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ قَطْرِ الْمَطَرِ

ہزار بار اور ان پر اور ان کی آل پر بارش کی بوندوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَكُلِّ قَطْرَةٍ قَطَرَتْ مِنْ سَمَآئِكَ إِلٰى أَرْضِكَ مِنْ يَّوْمَ

اور ہر اس بوند کے بقدر رحمت نازل فرما جو تیرے آسمان سے تیری زمین کی طرف ٹپکی

خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ

جس دن تو نے دنیا کو پیدا کیا اس دن سے لے کر قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

ساتویں منزل بروز اتوار

وَأَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَا أَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكَ أَنْ تُصَلِّيَ

اور میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ ان تمام کے واسطہ سے جس کی میں نے تجھ کو قسم دی کہ سیدنا محمد ﷺ پر

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ قَبْلِ أَنْ

اور سیدنا محمد ﷺ کی آل پر رحمت نازل فرما ان تمام کے بقدر جن کو تو نے پیدا فرمایا

تَكُوْنَ السَّمَآءُ مَبْنِيَّةً وَّالْأَرْضُ مَدْحِيَّةً وَّالْجِبَالُ

آسمان کے بنائے جانے سے پہلے اور زمین کے بچھائے جانے سے پہلے اور پہاڑوں کے اونچا ہونے سے پہلے

عُلْوِيَّةً وَّالْعُيُوْنُ مُنْفَجِرَةً وَّالْبِحَارُ مُسَخَّرَةً وَّالْأَنْهَارُ

اور چشموں کے جاری ہونے سے پہلے اور دریاؤں کے تابع فرمان ہونے سے پہلے اور نہروں کے

مُنْهَمِرَةً وَّالشَّمْسُ مُضْحِيَةً وَّالْقَمَرُ مُضِيْئًا وَّالنَّجْمُ

بہنے سے پہلے اور آفتاب کے روشن ہونے سے پہلے اور چاند کے چمکنے سے پہلے اور تاروں کے دمکنے سے پہلے (پیدا فرمادیا تھا)

مُنِيْرًا وَّلَا يَعْلَمُ أَحَدٌ حَيْثُ تَكُوْنُ إِلَّا أَنْتَ وَأَنْ تُصَلِّيَ

اور بجز تیرے کوئی بھی نہ جانتا تھا کہ تیری کیا شان تھی اور ان پر

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ كَلِمَاتِكَ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اور ان کی آل پر اپنے کلمات کی تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر

عَدَدَ اٰيَاتِ الْقُرْاٰنِ وَحُرُوْفِهٖ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

قرآن کی آیتوں اور اس کے حروف کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر

عَدَدَ مَنْ يُّصَلِّيْ عَلَيْهِ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ

ان پر درود پڑھنے والوں کی تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر

مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِلْأَ

ان پر درود نہ پڑھنے والوں کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر اتنی رحمت نازل فرما

أَرْضِكَ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا جَرٰى بِهِ

جو تیری زمین کو لبریز کردے اور ان پر اور ان کی آل پر ان چیزوں کے بقدر رحمت نازل فرما جن کے متعلق

الْقَلَمُ فِيْ أُمِّ الْكِتَابِ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ

لوح محفوظ میں قلم چلا اور ان پر اور ان کی آل پر ان چیزوں کے بقدر رحمت نازل فرما

مَا خَلَقْتَ فِيْ سَبْعِ سَمٰوٰتِكَ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

جو تو نے اپنے ساتوں آسمانوں میں پیدا فرمائیں اور ان پر اور ان کی آل پر ان کے بقدر رحمت نازل فرما

عَدَدَ مَا أَنْتَ خَالِقُهٗ فِيْهِنَّ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ

جن کو تو آسمانوں میں پیدا فرمائے گا تا روز قیامت ہر دن میں

أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ قَطْرِ الْمَطَرِ

ہزار بار، اور ان پر اور ان کی آل پر بارش کی بوندوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَكُلِّ قَطْرَةٍ قَطَرَتْ مِنْ سَمَآئِكَ إِلٰى أَرْضِكَ مِنْ يَّوْمِ

اور ہر اس بوند کے بقدر رحمت نازل فرما جو تیرے آسمان سے تیری زمین کی طرف ٹپکی

خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ

جس دن تو نے دنیا کو پیدا کیا اس دن سے لے کر قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ سَبَّحَكَ وَقَدَّسَكَ

اور سیدنا محمد ﷺ پر اور سیدنا محمد ﷺ کی آل پر اس مخلوق کے بقدر رحمت نازل فرما جس نے تیری تسبیح اور تقدیس کی ہے

وَسَجَدَ لَكَ وَعَظَّمَكَ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ

اور تجھے سجدہ کیا ہے اور تیری عظمت کی ہے اس دن سے لے کر کہ تو نے دنیا کو پید فرمایا ہے

الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

روز قیامت تک ہر دن میں ہزار مرتبہ، اور ان پر اور ان کی آل پر

عَدَدَ كُلِّ سَنَةٍ خَلَقْتَهُمْ فِيْهَا مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا

ہر سال کے بقدر رحمت نازل فرما جن میں تو نے پیدا فرمایا ہے اس دن سے لے کر کہ تو نے دنیا کو پیدا فرمایا ہے

إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

تا روز قیامت ہر دن میں ہزار مرتبہ اور ان پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ السَّحَابِ الْجَارِيَةِ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

اور ان کی آل پر چلنے والے بادلوں کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ الرِّيَاحِ الذَّارِيَةِ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا

اور ان کی آل پر چلنے والی ہواؤں کے بقدر رحمت نازل فرما اس دن سے لے کر کہ تو نے پیدا فرمایا ہے دنیا کو

إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

قیامت کے دن تک ہر دن میں ہزار مرتبہ اور ان پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا هَبَّتِ الرِّيَاحُ عَلَيْهِ وَحَرَّكَتْهُ مِنَ

اور ان کی آل پر ان چیزوں کے بقدر رحمت نازل فرما جن پر ہوائیں چلیں اور ان کو ہلایا

الْأَغْصَانِ وَالْأَشْجَارِ وَالْأَوْرَاقِ وَالثِّمَارِ وَالْأَزْهَارِ

شاخوں اور درختوں اور پتوں اور پھلوں اور پھولوں میں سے

وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ عَلٰى قَرَارِ أَرْضِكَ وَمَا بَيْنَ سَمٰوٰتِكَ

اور ان چیزوں کے بقدر جن کو تو نے پیدا فرمایا ہے اپنی سطح زمین پر اور اپنے آسمانوں کے درمیان،

مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ

اس دن سے لے کر کہ تو نے دنیا کو پیدا فرمایا ہے تا روز قیامت ہر دن میں

أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ أَمْوَاجِ

ہزار مرتبہ، اور یہ کہ ان پر اور ان کی آل پر اپنے سمندروں کی لہروں کے بقدر رحمت نازل فرما

بِحَارِكَ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ

اس دن سے لے کر کہ تو نے دنیا کو پیدا فرمایا ہے تا روز قیامت

يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ الرَّمْلِ

ہر دن میں ہزار مرتبہ، اور ان پر اور ان کی آل پر ریت

وَالْحَصٰى وَكُلِّ حَجَرٍ وَّمَدَرٍ خَلَقْتَهٗ فِيْ مَشَارِقِ الْأَرْضِ

اور کنکریوں اور ہر پتھر اور ڈھیلے کے بقدر رحمت نازل فرما جسے تو نے پیدا فرمایا زمین کے مشرق

وَمَغَارِبِهَا سَهْلِهَا وَجِبَالِهَا وَأَوْدِيَتِهَا مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ

اور مغرب میں نرم حصہ میں اور پہاڑوں میں اور ان کی گھاٹیوں میں اس دن سے لے کر

الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ

کہ تو نے پیدا فرمایا دنیا کو روز قیامت تک ہر دن میں ہزار مرتبہ

تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ نَبَاتِ الْأَرْضِ فِيْ قِبْلَتِهَا

اور ان پر اور ان کی آل پر زمین کی پیداوار کے بقدر رحمت نازل فرما خواہ اس کے اوپر ہو

وَجَوْفِهَا وَشَرْقِهَا وَغَرْبِهَا وَسَهْلِهَا وَجِبَالِهَا مِنْ شَجَرٍ

یا اس کے اندر اور مشرق میں ہو یا مغرب میں اور نرم زمین میں ہو یا پہاڑوں میں مثلاً درخت

وَّثَمَرٍ وَّأَوْرَاقٍ وَّزُرُوْعٍ وَّجَمِيْعِ مَا أَخْرَجَتْ وَمَا يَخْرُجُ

اور پھل اور پتے اور کھیتی اور تمام چیزیں جو زمین سے نکلیں اور جو اس سے نکلیں گی

مِنْهَا مِنْ نَّبَاتِهَا وَبَرَكَاتِهَا مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى

اس کی پیداوار اور اس کی برکات میں سے اس دن سے لے کر کہ تو نے دنیا کو پیدا فرمایا ہے

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

تا روز قیامت ہر دن میں ہزار مرتبہ اور تو ان پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنَ الْإِنْسِ وَالْجِنِّ

اور ان کی آل پر ان تمام کے بقدر رحمت نازل فرما جو تو پیدا فرما چکا انسان اور جنات

وَالشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَنْتَ خَالِقُهٗ مِنْهُمْ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

اور شیاطین میں سے اور جو تو پیدا فرمائے گا قیامت کے دن تک

فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ

ہر دن میں ہزار مرتبہ اور ان پر اور ان کی آل پر

كُلِّ شَعْرَةٍ فِيْ أَبْدَانِهِمْ وَوُجُوْهِهِمْ وَعَلٰى رُؤُوْسِهِمْ

ہر بال کے بقدر رحمت نازل فرما جو ان کے بدنوں اور چہروں پر اور ان کے سروں پر ہوں

مُنْذُ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ

جب سے بھی تو نے دنیا کو پیدا فرمایا تا روز قیامت ہر دن میں ہزار مرتبہ

مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ أَنْفَاسِهِمْ

اور ان پر اور ان کی آل پر ان کے سانسوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَأَلْفَاظِهِمْ وَأَلْحَاظِهِمْ مِنْ يَّوْمَ خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى

اور ان کے الفاظ اور ان کی نگاہوں کے بقدر رحمت نازل فرما اس دن سے لے کر کہ تو نے پیدا فرمایا دنیا کو

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

تا روز قیامت ہر دن میں ہزار مرتبہ اور ان پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ طَيَرَانِ الْجِنِّ وَخَفَقَانِ الْإِنْسِ مِنْ يَّوْمَ

اور ان کی آل پر جنات کی پرواز اور انسانوں کے نقل و حرکت کے بقدر رحمت نازل فرما،

خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ

اس دن سے لے کر کہ تو نے پیدا فرمایا دنیا کو تا روز قیامت ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ كُلِّ بَهِيْمَةٍ خَلَقْتَهَا عَلٰى

اور ان پر اور ان کی آل پر ہر چوپایہ کے بقدر رحمت نازل فرما جسے تو نے پیدا فرمایا

أَرْضِكَ صَغِيْرَةً وَّ كَبِيْرَةً فِيْ مَشَارِقِ الْأَرْضِ وَمَغَارِبِهَا

اپنی زمین پر چھوٹا اور بڑا زمین کے مشرق میں اور مغرب میں

مِمَّا عُلِمَ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُ عِلْمَهٗ إِلَّا أَنْتَ مِنْ يَّوْمَ

وہ کہ جن کا علم ہوگیا اور وہ کہ ان کا علم تیرے سوا کسی کو نہیں اس دن سے لے کر

خَلَقْتَ الدُّنْيَا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ

کہ تو نے دنیا کو پیدا فرمایا تا روز قیامت ہر دن میں ہزار مرتبہ

وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ وَعَدَدَ

اور ان پر اور ان کی آل پر ان کے بقدر رحمت نازل فرما جنہوں نے ان پر درود پڑھا

مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ وَعَدَدَ مَنْ يُّصَلِّيْ عَلَيْهِ إِلٰى يَوْمِ

اور ان کے بقدر جنہوں نے ان پر درود نہیں پڑھا اور ان کے بقدر جو ان پر درود پڑھیں گے

الْقِيٰمَةِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ أَلْفَ مَرَّةٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

تا روز قیامت ہر دن میں ہزار مرتبہ اور ان پر اور ان کی آل پر

عَدَدَ الْأَحْيَآءِ وَالْأَمْوَاتِ وَعَدَدَ مَا خَلَقْتَ مِنْ حِيْتَانٍ

زندوں کی تعداد اور مردوں کی تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان کے بقدر جو تو نے مچھلیاں

وَّطَيْرٍ وَّنَمْلٍ وَّنَحْلٍ وَّحَشَرَاتٍ وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى

اور پرندے اور چیونٹیاں اور شہد کی مکھیاں اور کیڑے پیدا فرمائے ہیں اور ان پر

اٰلِهٖ فِي اللَّيْلِ إِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ إِذَا تَجَلّٰى وَأَنْ تُصَلِّيَ

اور ان کی آل پر رات میں رحمت نازل فرما جبکہ وہ ڈھانپ لے اور دن میں جبکہ وہ چمک جائے

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ

اور ان پر اور ان کی آل پر پچھلے عالم میں اور اگلے عالم میں رحمت نازل فرما اور ان پر

وَعَلٰی اٰلِهٖ مُنْذُ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا إِلٰى أَنْ صَارَ كَهْلًا

اور ان کی آل پر اس وقت سے لے کر رحمت نازل فرما جبکہ وہ گہوارہ میں بچہ تھے یہاں تک کہ وہ میانہ سال

مَّهْدِيًّا فَقَبَضْتَهٗ إِلَيْكَ عَدْلًا مَّرْضِيًّا لِتَبْعَثَهٗ شَفِيْعًا

ہدایت یافتہ ہوگئے پس تو نے ان کو اپنی طرف عادل و پسندیدہ بنا ہوا اٹھالیا تاکہ ان کو شفیع

حَفِيًّا وَأَنْ تُصَلِّيَ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَآءَ

اور شفیق بنا کر حشر فرمائے اور ان پر اور ان کی آل پر اپنی مخلوقات کے بقدر

نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَأَنْ تُعْطِيَهُ

اور اپنی خوشنودی ذات کے بقدر اور اپنے عرش کے ہم وزن اور اپنے کلمات کی مقدار کے بقدر رحمت نازل فرما

الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَالْحَوْضَ

اور یہ کہ ان کو وسیلہ اور فضیلت اور بلند درجہ اور حوض کوثر

الْمَوْرُوْدَ وَالْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ وَالْعِزَّ الْمَمْدُوْدَ وَأَنْ

جس پر لوگ آئیں گے اور مقام محمود اور عزت دراز عطا فرما

تُعَظِّمَ بُرْهَانَهٗ وَأَنْ تُشَرِّفَ بُنْيَانَهٗ وَأَنْ تَرْفَعَ مَكَانَهٗ

اور یہ کہ ان کی دلیل کو بڑائی بخشے اور یہ کہ ان کی عمارت کو شرف بخشے اور ان کا مرتبہ بلند فرمائے

وَأَنْ تَسْتَعْمِلَنَا يَا مَوْلَانَا بِسُنَّتِهٖ وَأَنْ تُمِيْتَنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ

اور اے ہمارے رب ہمیں ان کی سنت پر عمل کرنے کی توفیق بخشے اور ان کے طریقہ پر ہمیں مرنا نصیب فرمائے

وَأَنْ تَحْشُرَنَا فِيْ زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَآئِهٖ وَأَنْ تَجْعَلَنَا مِنْ

اور ان کے گروہ میں اور ان کے جھنڈے کے نیچے ہمارا حشر فرمائے اور ہمیں ان کے

رُّفَقَائِهٖ وَأَنْ تُوْرِدَنَا حَوْضَهٗ وَأَنْ تَسْقِيَنَا بِكَأْسِهٖ

رفیقوں میں بنائے اور ہمیں ان کے حوض پہ لائے اور ہمیں ان کے پیالے سے پلائے

وَأَنْ تَنْفَعَنَا بِمَحَبَّتِهٖ وَأَنْ تَتُوْبَ عَلَيْنَا وَأَنْ تُعَافِيَنَا

اور ہمیں ان کی محبت سے نفع بخشے اور ہماری توبہ قبول فرمائے

مِنْ جَمِيْعِ الْبَلَآءِ وَالْبَلْوَآءِ وَالْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا

اور تمام بلاؤں اور آفتوں اور فتنوں سے عافیت بخشے خواہ ظاہری ہوں

وَمَا بَطَنَ وَأَنْ تَرْحَمَنَا وَأَنْ تَعْفُوَ عَنَّا وَتَغْفِرَ لَنَا

یا باطنی اور یہ کہ تو ہم پر رحم فرمائے اور معافی دے اور ہمیں بخش دے

وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

اور سب مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمَاتِ اَلْأَحْيَآءِ مِنْهُمْ وَالْأَمْوَاتِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور مسلمان عورتوں کو زندوں کو اور مُردوں کو اور ہر تعریف اللہ کے لئے ہے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ

جو تمام جہانوں کا رب ہے اور وہی مجھے کافی ہے اور بڑا اچھا کارساز ہے اور نہ زور ہے

وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اور نہ طاقت مگر اللہ برتر و عظمت والے سے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَا سَجَعَتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک بھی

الْحَمَآئِمُ وَحَمَتِ الْحَوَآئِمُ وَسَرَحَتِ الْبَهَآئِمُ

کبوتروں کا ترنم اور پیاسوں کی سوزش قائم رہے اور چوپائے چرتے رہیں

وَنَفَعَتِ التَّمَآئِمُ وَشُدَّتِ الْعَمَآئِمُ وَنَمَتِ النَّوَآئِمُ

اور تعویذ فائدہ دیتے رہیں اور عمامے باندھے جاتے رہیں اور گھاس پات اُگتی رہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَا أَبْلَجَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک بھی

الْإِصْبَاحُ وَهَبَّتِ الرِّيَاحُ وَدَبَّتِ الْأَشْبَاحُ وَتَعَاقَبَ

صبح چمکتی رہے اور ہوائیں چلتی رہیں اور اجسام حرکت کرتے رہیں

الْغُدُوُّ وَالرَّوَاحُ وَتُقُلِّدَتِ الصِّفَاحُ وَاعْتُقِلَتِ

اور صبح و شام کا آنا جانا قائم رہے اور تلواریں حمائل ہوتی رہیں

الرِّمَاحُ وَصَحَّتِ الْأَجْسَادُ وَالْأَرْوَاحُ

اور نیزے سنبھالے جاتے رہیں اور اجسام و ارواح تندرست رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَا دَارَتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک بھی

الْأَفْلَاكُ وَدَجَتِ الْأَحْلَاكُ وَسَبَّحَتِ الْأَمْلَاكُ

افلاک گردش میں رہیں اور راتیں تاریک رہیں اور فرشتے تسبیح میں لگے رہیں

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جیسی رحمت

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

تو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر نازل فرمائی اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر برکت نازل فرما

بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ فِي الْعٰلَمِيْنَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

جیسی برکت سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر دنیا جہان میں نازل فرمائی تھی بےشک تو حمد و بزرگی والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مَا طَلَعَتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جب تک بھی

الشَّمْسُ وَمَا صُلِّيَتِ الْخَمْسُ وَمَا تَأَلَّقَ بَرْقٌ وَتَدَفَّقَ

سورج نکلتا رہے اور جب تک نماز پنجگانہ پڑھی جاتی رہیں اور جب تک بھی بجلی چمکتی رہے اور موسلا دھار بارش برستی رہے

وَدْقٌ وَمَا سَبَّحَ رَعْدٌ

اور جب تک رعد (فرشتہ) تسبیح کرتا رہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْأَ السَّمٰوٰتِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر آسمانوں

وَالْأَرْضِ وَمِلْأَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْأَ مَا شِئْتَ مِنْ شَيْءٍ

او زمین کے بھراؤ کے بقدر اور ان کا درمیان بھر کر رحمت نازل فرما اور جو چیز بھی تو پیدا کرنا چاہے بعد میں

بَعْدُ اَللّٰهُمَّ كَمَا قَامَ بِأَعْبَآءِ الرِّسَالَةِ وَاسْتَنْقَذَ

وہ بھر کر رحمت نازل فرما، اے اللہ جیسا کہ آنحضرت ﷺ بار رسالت لے کر کھڑے ہوئے اور مخلوق کو

الْخَلْقَ مِنَ الْجَهَالَةِ وَجَاهَدَ أَهْلَ الْكُفْرِ وَالضَّلَالَةِ

جہالت سے نکالا اور کفر و ضلالت والوں سے جہاد کیا

وَدَعَا إِلٰى تَوْحِيْدِكَ وَقَاسَى الشَّدَآئِدَ فِيْ إِرْشَادِ

اور تیری توحید کی طرف بلایا اور تیرے بندوں کی اصلاح میں تکلیفیں برداشت کیں

عِبَيْدِكَ فَأَعْطِهِ اللّٰهُمَّ سُؤْلَهٗ وَبَلِّغْهُ مَأْمُوْلَهٗ وَاٰتِهِ

تو اے اللہ ان کو ان کا مانگا ہوا عطا فرما اور ان کو ان کی مراد تک پہنچا

الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ

اور ان کو فضیلت اور وسیلہ اور بلند مرتبہ عطا فرما

الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

اور ان کو مقام محمود میں پہنچا جس کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے بےشک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا

1 اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهٖ

اور اے اللہ ہمیں ان کی شریعت کا اتباع کرنے والوں میں سے بنا

الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ

اور ان کی محبت سے متصف اور ان کے طور و طریق پر چلنے والوں میں سے بنا

وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ

اور ہمیں ان کی سنت پر مرنا نصیب فرما اور ہمیں ان کی شفاعت کے شرف سے محروم نہ رکھنا

وَاحْشُرْنَا فِيْ أَتْبَاعِهِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَأَشْيَاعِهٖ

اور ان کے تابعین میں سے جن کے اعضاء وضو چمکتے ہوں گے اور ان کی سابقین جماعتوں

السَّابِقِيْنَ وَأَصْحَابِ الْيَمِيْنِ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور داہنے ہاتھ میں نامۂ اعمال دینے والوں میں ہمارا حشر فرمانا اے ارحم الراحمین

٢ اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهٖ

اور اے اللہ ہمیں ان کی شریعت کا اتباع کرنے والوں میں سے بنا

الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ

اور ان کی محبت سے متصف اور ان کے طور و طریق پر چلنے والوں میں سے بنا

وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ

اور ہمیں ان کی سنت پر مرنا نصیب فرما اور ہمیں ان کی شفاعت کے شرف سے محروم نہ رکھنا

وَاحْشُرْنَا فِيْ أَتْبَاعِهِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَأَشْيَاعِهِ

اور ان کے تابعین میں سے جن کے اعضاء وضو چمکتے ہوں گے اور ان کی سابقین جماعتوں

السَّابِقِيْنَ وَأَصْحَابِ الْيَمِيْنِ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور داہنے ہاتھ میں نامۂ اعمال دینے والوں میں ہمارا حشر فرمانا اے ارحم الراحمین

٣ اَللّٰهُمَّ وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُتَّبِعِيْنَ لِشَرِيْعَتِهٖ

اور اے اللہ ہمیں ان کی شریعت کا اتباع کرنے والوں میں سے بنا

الْمُتَّصِفِيْنَ بِمَحَبَّتِهٖ الْمُهْتَدِيْنَ بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ

اور ان کی محبت سے متصف اور ان کے طور و طریق پر چلنے والوں میں سے بنا

وَتَوَفَّنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَلَا تَحْرِمْنَا فَضْلَ شَفَاعَتِهٖ

اور ہمیں ان کی سنت پر مرنا نصیب فرما اور ہمیں ان کی شفاعت کے شرف سے محروم نہ رکھنا

وَاحْشُرْنَا فِيْ أَتْبَاعِهِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَأَشْيَاعِهِ

اور ان کے تابعین میں سے جن کے اعضاء وضو چمکتے ہوں گے اور ان کی سابقین جماعتوں

السَّابِقِيْنَ وَأَصْحَابِ الْيَمِيْنِ يَآ أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور داہنے ہاتھ میں نامۂ اعمال دیئے والوں میں ہمارا حشر فرمانا اے ارحم الراحمین

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ وَعَلٰى

اے اللہ اپنے فرشتوں اور مقربین پر

أَنْبِيَآئِكَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى أَهْلِ طَاعَتِكَ أَجْمَعِيْنَ

اور اپنے انبیاء و مرسلین پر اور اپنے تمام اطاعت کرنے والوں پر رحمت نازل فرما

وَاجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ مِّنَ الْمَرْحُوْمِيْنَ

اور ہمیں ان پر دعائے رحمت کی بدولت ان لوگوں میں سے بنا جن پر تیری رحمت ہوئی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ ۨ الْمَبْعُوْثِ مِنْ تِهَامَةَ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو تہامہ یعنی سرزمین عرب سے مبعوث ہوئے

وَالْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالْاِسْتِقَامَةِ وَالشَّفِيْعِ لِأَهْلِ

اور نیکی اور استقامت کا حکم دینے والے ہیں اور میدان قیامت میں

الذُّنُوْبِ فِيْ عَرَصَاتِ الْقِيٰمَةِ

گناہ گاروں کی شفاعت کریں گے

اَللّٰهُمَّ أَبْلِغْ عَنَّا نَبِيَّنَا وَشَفِيْعَنَا وَحَبِيْبَنَا أَفْضَلَ

اے اللہ ہماری طرف سے ہمارے نبی ہمارے شفیع اور ہمارے حبیب کو بہترین

الصَّلٰوةِ وَالتَّسْلِيْمِ وَابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الْكَرِيْمَ

صلوۃ و سلام پہنچا اور ان کو معزز مقام محمود میں اٹھانا

وَاٰتِهِ الْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ الَّتِيْ

اور ان کو فضیلت اور وسیلہ اور بلند درجہ عطا فرمانا جس کا تو نے ان سے

وَعَدْتَّهٗ فِي الْمَوْقِفِ الْعَظِيْمِ وَصَلِّ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِ صَلٰوةً

وعدہ فرمایا ہے بڑے موقف یعنی میدان حشر میں اور اے اللہ ان پر وہ رحمت نازل فرما

دَآئِمَةً مُّتَّصِلَةً تَتَوَالٰى وَتَدُوْمُ

جو دائمی اور مسلسل ہو کر پے در پے ہو اور ہمیشہ رہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مَا لَاحَ بَارِقٌ وَذَرَّ شَارِقٌ

اے اللہ ان پر اور ان کی آل پر رحمت نازل فرما جب تک بھی بجلی چمکتی رہے اور سورج نکلتا رہے

وَوَقَبَ غَاسِقٌ وَانْهَمَرَ وَادِقٌ وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ مِلْأَ

اور رات تاریک ہوتی رہے اور بارش برستی رہے اور ان پر اور ان کی آل پر

اللَّوْحِ وَالْفَضَآءِ وَمِثْلَ نُجُوْمِ السَّمَآءِ وَعَدَدَ الْقَطْرِ

خلا اور لوح کے بھراؤ کے برابر رحمت نازل فرما اور آسمان کے تاروں کے مساوی اور قطرات

وَالْحَصٰى وَصَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰى

اور کنکریوں کی تعداد کے بقدر رحمت نازل فرما اور ان پر اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرما جس کی گنتی وشمار نہ ہوسکے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ زِنَةَ عَرْشِكَ وَمَبْلَغَ رِضَاكَ

اے اللہ ان پر اپنے عرش کے ہم وزن اور اپنی خوشنودی کی مقدار کے بقدر

وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ وَمُنْتَهٰى رَحْمَتِكَ

اور اپنے کلمات کے بقدر اور اپنی رحمت کی حد کے بقدر رحمت نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَبَارِكْ

اے اللہ ان پر اور ان کی اولاد پر اور ان کی بیبیوں اور ان کی نسل پر رحمت نازل فرما

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ

اور ان پر اور ان کی اولاد اور ان کی بیبیوں اور ان کی نسل پر برکتیں بھیج جیسی رحمت اور برکتیں تو نے

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

سیدنا ابراہیم علیہ السلام پر اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی اولاد پر نازل فرمائی تھیں بے شک تو حمد و بزرگی کا مستحق ہے

وَجَازِهٖ عَنَّا أَفْضَلَ مَا جَازَيْتَ بِهٖ نَبِيًّا عَنْ أُمَّتِهٖ

اور ان کو ہماری طرف سے بہتر سے بہتر صلہ عطا فرما جو تو نے صلہ عطا فرمایا ہو کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے

وَاجْعَلْنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ بِمِنْهَاجِ شَرِيْعَتِهٖ وَاهْدِنَا

اور ہمیں ان کی شریعت کے راستے پر چلنے والوں میں سے بنا اور ہمیں ان کے طریقہ

بِهَدْيِهٖ وَسِيْرَتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا يَوْمَ

اور سیرت پر چلا اور ان کی ملت پر مرنا نصیب فرما اور ہمارا حشر

الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ فِيْ زُمْرَتِهٖ وَأَمِتْنَا عَلٰى

سخت گھبراہٹ کے دن امن والوں میں ان کی جماعت کے ہمراہ فرما اور ہمیں ان کی محبت

حُبِّهٖ وَحُبِّ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ

اور ان کی آل اور ان کے صحابہ اور ان کی ذریت کی محبت پر مرنا نصیب فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ أَفْضَلِ أَنْبِيَآئِكَ وَأَكْرَمِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو کہ تیرے نبیوں میں افضل

أَصْفِيَآئِكَ وَإِمَامِ أَوْلِيَآئِكَ وَخَاتِمِ أَنْبِيَآئِكَ

اور تیرے منتخب کردہ بندوں میں بزرگ تر اور تیرے اولیاء کے پیشوا اور تیرے انبیاء کے سلسلے کو ختم کرنے والے

وَحَبِيْبِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَشَهِيْدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَشَفِيْعِ

اور رب العالمین کے پیارے اور پیغمبروں کے گواہ اور گناہ گاروں کی

الْمُذْنِبِيْنَ وَسَيِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ أَجْمَعِيْنَ اَلْمَرْفُوْعِ الذِّكْرِ

سفارش کرنے والے اور تمام بنی آدم کے سردار ہیں کہ جن کا تذکرہ

فِي الْمَلَآئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ اَلْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ السِّرَاجِ

ملائکہ مقربین میں اونچا کیا گیا ہے مژدہ سنانے والے ہیں، عذاب سے ڈرانے والے ہیں،

الْمُنِيْرِ اَلصَّادِقِ الْأَمِيْنِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ الرَّؤُفِ الرَّحِيْمِ

روشن چراغ ہیں، سچے ہیں، امانت دار ہیں، کھلے برحق ہیں، شفیق ہیں، مہربان ہیں،

اَلْهَادِىْ إِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ الَّذِىْ اٰتَيْتَهٗ سَبْعًا

سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرنے والے ہیں، جن کو تو نے سبع معانی

مِّنَ الْمَثَانِىْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ وَهَادِى

یعنی سورۂ فاتحہ عطا فرمائیں اور قرآن عظیم عطا فرمایا، ایسے نبی ہیں جو مجسم رحمت ہیں

الْأُمَّةِ أَوَّلِ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ

اور امت کے رہبر ہیں، قبر سے اٹھائے جانے والوں میں سب سے پہلے اٹھائے جائیں گے اور جنت میں جائیں گے

وَالْمُؤَيَّدَ بِجِبْرِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِي التَّوْرَاةِ

اور وہ نبی ایسے ہیں کہ جن کو جبرئیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام سے قوت دی گئی اور توریت

وَالْإِنْجِيلِ الْمُصْطَفَى الْمُجْتَبٰى الْمُنْتَخَبِ أَبِي الْقَاسِمِ

اور انجیل میں ان کی بشارت دی گئی ہے، برگزیدہ ہیں، چنے ہوئے ہیں، منتخب کردہ ہیں جن کی کنیت ابو القاسم ہے

مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمٍ

اور نام مبارک محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَلَآئِكَتِكَ وَالْمُقَرَّبِيْنَ الَّذِيْنَ

اے اللہ اپنے فرشتوں پر اور مقربین پر رحمت نازل فرما

يُسَبِّحُوْنَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ وَلَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ

جو رات دن تسبیح پڑھتے رہتے ہیں، نہ تھکتے ہیں اور جو ان کو حکم دیا جاتا ہے

مَا أَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ اَللّٰهُمَّ وَكَمَا

اس میں اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے اور وہی کرتے ہیں جس کا ان کو حکم دیا جاتا ہے، اے اللہ جس طرح تو نے

اصْطَفَيْتَهُمْ سُفَرَآءَ إِلٰى رُسُلِكَ وَأُمَنَآءَ عَلٰى وَحْيِكَ

ان کو چن لیا اپنے رسولوں کی طرف پیغام رساں اور اپنی وحی پر امین

وَشُهَدَآءَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخَرَقْتَ لَهُمْ كُنُفَ حُجُبِكَ

اور اپنی مخلوق پر گواہ بنانے کے لئے اور تو نے ان کے لئے اپنے حجاب کے پردوں کو چاک فرما دیا

وَأَطْلَعْتَهُمْ عَلٰى مَكْنُوْنِ غَيْبِكَ وَاخْتَرْتَ مِنْهُمْ

اور ان کو اپنے چھپے ہوئے غیب پر آگاہ کردیا اور ان میں سے

خَزَنَةً لِّجَنَّتِكَ وَحَمَلَةً لِّعَرْشِكَ وَجَعَلْتَهُمْ مِّنْ أَكْثَرِ

اپنی جنت کے محافظین اور اپنے عرش کے حاملین کا انتخاب فرمایا اور ان کو اپنے لشکروں کا

جُنُوْدِكَ وَفَضَّلْتَهُمْ عَلَى الْوَرٰى وَأَسْكَنْتَهُمْ

بڑا حصہ بنایا اور ان کو مخلوق پر فضیلت بخشی اور ان کو

السَّمٰوَاتِ الْعُلٰى وَنَزَّهْتَهُمْ عَنِ الْمَعَاصِىْ وَالدَّنَآءٰتِ

اونچے آسمانوں پر بسایا اور ان کو گناہوں اور رذیل حرکتوں سے منزہ رکھا

وَقَدَّسْتَهُمْ عَنِ النَّقَآئِصِ وَالْاٰفَاتِ فَصَلِّ عَلَيْهِمْ

اور ان کو عیبوں اور آفتوں سے پاک و صاف رکھا لہٰذا ان پر وہ دائمی رحمت

صَلٰوةً دَآئِمَةً تَزِيْدُهُمْ بِهَا فَضْلًا وَتَجْعَلُنَا

نازل فرما جس سے تو ان کی بزرگی بڑھا دے اور ہمیں اس کی بدولت

لِاِسْتِغْفَارِهِمْ بِهَا أَهْلًا اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ

ان کی دعائے مغفرت کا مستحق بنا دے اور اے اللہ اپنے تمام نبیوں

أَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ الَّذِيْنَ شَرَحْتَ صُدُوْرَهُمْ

اور رسولوں پر رحمت نازل فرما کہ تو نے ان کے سینے کھول دیئے

وَأَوْدَعْتَهُمْ حِكْمَتَكَ وَطَوَّقْتَهُمْ نُبُوَّتَكَ وَأَنْزَلْتَ

اور ان میں اپنی حکمت کو امانت بنا کر رکھ دیا او ان کو اپنی نبوت کا مکلف بنایا

عَلَيْهِمْ كُتُبَكَ وَهَدَيْتَ بِهِمْ خَلْقَكَ وَدَعَوْا إِلٰى

اور ان پر اپنی کتابیں اُتاریں اور اُن کے ذریعہ اپنی مخلوق کو ہدایت بخشی اور انہوں نے

تَوْحِيْدِكَ وَشَوَّقُوْا إِلٰى وَعْدِكَ وَخَوَّفُوْا مِنْ وَعِيْدِكَ

تیری توحید کی طرف بلایا اور تیرے وعدہ کا شوق دلایا اور تیری دھمکی کا خوف دلایا

وَأَرْشَدُوْآ إِلٰى سَبِيْلِكَ وَقَامُوْا بِحُجَّتِكَ وَدَلِيْلِكَ

اور تیرے راستہ کی طرف رہنمائی کی اور تیری حجت و دلیل کو قائم کیا

وَسَلِّمِ اللّٰهُمَّ عَلَيْهِمْ تَسْلِيْمًا وَهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ

اور اے اللہ ان پر اپنا خاص سلام بھیج اور ہمیں ان پر دعاء رحمت کرنے کی وجہ سے

عَلَيْهِمْ أَجْرًا عَظِيْمًا

اجر عظیم عطا فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً دَآئِمَةً

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما ایسی رحمت

مَّقْبُوْلَةً تُؤَدِّىْ بِهَا عَنَّا حَقَّهُ الْعَظِيْمَ

جو مقبول اور دائمی ہو جس کی بدولت تو ہم سے ان کا بڑا حق ادا کردے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْحُسْنِ وَالْجَمَالِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو صاحب حسن و جمال ہیں،

وَالْبَهْجَةِ وَالْكَمَالِ وَالْبَهَآءِ وَالنُّوْرِ وَالْوِلْدَانِ وَالْحُوْرِ

صاحب رونق و کمال ہیں اور چمک دمک والے ہیں اور حور و غلمان والے

وَالْغُرَفِ وَالْقُصُوْرِ وَاللِّسَانِ الشَّكُوْرِ وَالْقَلْبِ

اور جنتی دریچوں والے ہیں اور جنت کے محلات والے اور شکر گزار زبان والے

الْمَشْكُوْرِ وَالْعِلْمِ الْمَشْهُوْرِ وَالْجَيْشِ الْمَنْصُوْرِ

اور قابل قدر دل اور مشہور علم والے ہیں اور مظفر و منصور لشکر والے ہیں

وَالْبَنِيْنَ وَالْبَنَاتِ وَالْأَزْوَاجِ الطَّاهِرَاتِ وَالْعُلُوِّ عَلَى

اور بیٹوں او بیٹیوں والے اور پاک طینت بیبیوں والے ہیں اور بلند درجات والے

الدَّرَجَاتِ وَالزَّمْزَمِ وَالْمَقَامِ وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ

اور زمزم والے ہیں اور مقام ابراہیم اور مشعر حرام والے ہیں

وَاجْتِنَابِ الْاٰثَامِ وَتَرْبِيَةِ الْأَيْتَامِ وَالْحَجِّ وَتِلَاوَةِ

اور گناہوں سے پرہیز کرنے والے ہیں اور یتیموں کی پرورش کرنے والے ہیں اور حج اور تلاوت قرآن

الْقُرْاٰنِ وَتَسْبِيْحِ الرَّحْمٰنِ وَصِيَامِ رَمَضَانَ وَاللِّوَآءِ

اور رحمٰن کی تسبیح کرنے والے ہیں اور ماہِ رمضان کے روزوں والے ہیں

الْمَعْقُوْدِ وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَالْوَفَآءِ بِالْعُهُوْدِ صَاحِبِ

اور بندھے ہوئے جھنڈے والے اور کرم و سخا والے ہیں اور وعدہ وفائی والے

الرَّغْبَةِ وَالتَّرْغِيْبِ وَالْبَغْلَةِ وَالنَّجِيْبِ وَالْحَوْضِ

اور رغبت اور ترغیب والے ہیں اور خچر اور گھوڑوں پر سوار ہونے والے ہیں

وَالْقَضِيْبِ النَّبِيِّ الْأَوَّابِ النَّاطِقِ بِالصَّوَابِ

اور حوض کوثر اور تلوار والے نبی ہیں بے حد خشوع والے نبی ہیں، حق بات بولنے والے ہیں

اَلْمَنْعُوْتِ فِي الْكِتَابِ اَلنَّبِيِّ عَبْدِ اللهِ اَلنَّبِيِّ كَنْزِ اللهِ

جن کی تعریف آسمانی کتاب میں ہے، وہ نبی جو اللہ کے بندے ہیں، وہ نبی جو اللہ کا خزانہ ہیں،

اَلنَّبِيِّ حُجَّةِ اللهِ اَلنَّبِيِّ مَنْ أَطَاعَهُ فَقَدْ أَطَاعَ اللهَ

وہ نبی جو اللہ کی حجت ہیں، وہ نبی کہ جس نے ان کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی

وَمَنْ عَصَاهُ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ اَلنَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ

اور جس نے ان کی نافرمانی کی اس نے اللہ کی نافرمانی کی، وہ نبی جو عربی ہیں، قریشی ہیں،

الزَّمْزَمِيِّ الْمَكِّيِّ التِّهَامِيِّ صَاحِبِ الْوَجْهِ الْجَمِيْلِ

زمزم کی طرف منسوب ہیں، مکی ہیں، تہامی (حجازی) ہیں، حسین چہرے والے ہیں،

وَالطَّرَفِ الْكَحِيْلِ وَالْخَدِّ الْأَسِيْلِ وَالْكَوْثَرِ

سرگیں آنکھوں والے ہیں اور چکنے رخسار والے ہیں، نہر کوثر

وَالسَّلْسَبِيْلِ قَاهِرِ الْمُضَآدِّيْنَ مُبِيْدِ الْكٰفِرِيْنَ وَقَاتِلِ

اور سلسبیل والے ہیں، مخالفوں کو دبانے والے ہیں، کافروں کو ہلاک کرنے والے ہیں، مشرکوں کو قتل کرنے والے ہیں،

الْمُشْرِكِيْنَ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ إِلٰى جَنَّاتِ النَّعِيْمِ

وہ لوگ جن کے اعضائے وضو قیامت کے دن روشن اور چمک دار ہوں گے ان کو جنات نعیم

وَجِوَارِ الْكَرِيْمِ صَاحِبِ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اور رب کریم کے جوار کی طرف لے جانے والے ہیں، صاحب جبریل علیہ السلام ہیں،

وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَشَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ وَغَايَةِ

رب العالمین کے پیغمبر ہیں اور گناہ گاروں کی سفارش کرنے والے ہیں،

الْغَمَامِ وَمِصْبَاحِ الظَّلَامِ وَقَمَرِ التَّمَامِ صَلَّى اللّٰهُ

ابر کے مقصود (یعنی وجہ باران رحمت) ہیں، اور اندھیروں کے چراغ ہیں، اور پورے چاند ہیں،

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْمُصْطَفَيْنَ مِنْ أَطْهَرِ جِبِلَّةٍ صَلٰوةً

ان پر اور ان کی آل پر اللہ کی رحمتیں ہوں جو پاکیزہ ترین اصل سے منتخب ہیں

دَآئِمَةً عَلَى الْأَبَدِ غَيْرَ مُضْمَحِلَّةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى

ایسی رحمتیں جو دائمی ہوں ہمیشہ کے لئے بلا اضمحلال، اللہ ان پر اور ان کی آل پر

اٰلِهٖ صَلٰوةً يَّتَجَدَّدُ بِهَا حُبُوْرُهٗ وَيُشَرَّفُ بِهَا فِي الْمِيْعَادِ

رحمت نازل فرمائے ایسی رحمت کہ اس سے ان کا سردار ہونا تازہ ہوتا رہے اور اس سے بروز قیامت

بَعْثُهٗ وَنُشُوْرُهٗ فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهِ الْأَنْجُمِ

ان کا قبر سے اٹھنا اور میدان حشر میں تشریف لانا صاحب شرف بنے پس اللہ ان پر اور ان کی آل پر

الطَّوَالِعِ صَلٰوةً تَجُوْدُ عَلَيْهِمْ أَجْوَدَ الْغُيُوْثِ الْهَوَامِعِ

جو چمک دار ستارے ہیں ایسی رحمت نازل فرمائے جو ان پر بے حد برسنے والے بادلوں کی بارش کی طرح برستی رہے،

أَرْسَلَهٗ مِنْ أَرْجَحِ الْعَرَبِ مِيْزَانًا وَّأَوْضَحِهَا بَيَانًا

وہ رسول جن کو عرب کے راجح ترین معیار پر اور واضح ترین تقریر والا بنا کر

وَّأَفْصَحِهَا لِسَانًا وَّأَشْمَخِهَا إِيْمَانًا وَّأَعْلَاهَا مَقَامًا

اور فصیح ترین زبان اور مضبوط ترین ایمان والا بنا کر اور بہترین مقام

وَّأَحْلَاهَا كَلَامًا وَّأَوْفَاهَا ذِمَامًا وَّأَصْفَاهَا رَغَامًا

اور شیریں ترین کلام والا اور سب سے زیادہ وعدہ وفا کرنے والا اور صاف ترین طینت والا بنا کر بھیجا

فَأَوْضَحَ الطَّرِيْقَةَ وَنَصَحَ الْخَلِيْقَةَ وَشَهَرَ الْإِسْلَامَ

پس اس نے راستہ واضح کردیا اور مخلوق کو نصیحت کی اور اسلام کو مشتہر کیا

وَكَسَرَ الْأَصْنَامَ وَأَظْهَرَ الْأَحْكَامَ وَحَظَرَ الْحَرَامَ

اور بت توڑ دیئے اور احکامات کو ظاہر کیا اور حرام کو ممنوع بتایا

وَعَمَّ بِالْإِنْعَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ فِيْ كُلِّ مَحْفِلٍ

اور انعام کو عام بنا دیا، اللہ کی رحمت ہو ان پر اور ان کی آل پر ہر مجلس

وَّمَقَامٍ أَفْضَلِ الصَّلٰوةِ وَالسَّلَامِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى

اور مقام میں، بہترین رحمت اور سلام، اللہ رحمت نازل فرمائے ان پر اور ان کی آل پر

اٰلِهٖ عَوْدًا وَّبَدْءًا صَلٰوةً تَكُوْنُ ذَخِيْرَةً وَّوِرْدًا صَلَّى اللّٰهُ

بار بار اور نئی نئی، ایسی رحمت جو ذخیرہ اور ورد ہو، اللہ ان پر

عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَامَّةً زَاكِيَةً وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے جو مکمل اور پاک ہو اور اللہ ان پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً يَّتْبَعُهَا رَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ وَّيَعْقُبُهَا مَغْفِرَةٌ

اور ان کی آل پر ایسی رحمت نازل فرمائے کہ اس کے ساتھ فرحت اور مہک لگی ہوئی ہو اور اس کے قدم بقدم بخشش

وَّرِضْوَانٌ وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى أَفْضَلِ مَنْ طَابَ مِنْهُ النِّجَارُ

اور خوشنودی ہو، اور اللہ ان پر رحمت نازل فرمائے جو اس جماعت میں بہترین ہیں جن سے نسب کو پاکیزگی

وَسَمَا بِهِ الْفَخَارُ وَاسْتَنَارَتْ بِنُوْرِ جَبِيْنِهِ الْأَقْمَارُ

اور شرف کو فضیلت نصیب ہوئی اور جن کے پیشانی کے نور سے چاند کو نور حاصل ہوا

وَتَضَاءَلَتْ عِنْدَ جُوْدِ يَمِيْنِهِ الْغَمَائِمُ وَالْبِحَارُ سَيِّدِنَا

اور جن کے ہاتھ کی سخاوت سے بادل اور سمندر شرما گئے یعنی ہمارے آقا

وَنَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ الَّذِيْ بِبَاهِرِ اٰيَاتِهٖ أَضَاءَتِ الْأَنْجَادُ

اور ہمارے نبی محمد ﷺ جن کے کھلے معجزات سے تمام نشیب و فراز چمک اٹھے

وَالْأَغْوَارُ وَبِمُعْجِزَاتِ اٰيَاتِهٖ نَطَقَ الْكِتَابُ وَتَوَاتَرَتِ

او جن کی خاص الخاص نشانیوں کو آسمانی کتابوں نے بیان کیا اور اطلاعات

الْأَخْبَارُ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ

حد تواتر تک پہنچیں، اللہ ان پر اور ان آل پر اور ان کے صحابہ پر رحمت نازل فرمائے

هَاجَرُوْا لِنُصْرَتِهٖ وَنَصَرُوْهُ فِيْ هِجْرَتِهٖ فَنِعْمَ

جنہوں نے ان کی مدد کی خاطر وطن چھوڑا اور ان کی ہجرت میں ان کی مدد کی،

الْمُهَاجِرُوْنَ وَنِعْمَ الْأَنْصَارُ صَلٰوةً نَّامِيَةً دَآئِمَةً

پس کیا ہی خوب تھے مہاجرین اور کیا ہی خوب تھے انصار، ایسی رحمت جو بڑھتی رہے اور دائم رہے

مَّا سَجَعَتْ فِيْ أَيْكِهَا الْأَطْيَارُ وَهَمَعَتْ بِوَبْلِهَا الدِّيْمَةُ

جب تک بھی درختوں کے جھنڈ میں پرندے چہچہاتے رہیں اور موسلا دھار بارش

الْمِدْرَارُ ضَاعَفَ اللهُ عَلَيْهِ دَآئِمَ صَلَوَاتِهٖ

مینہ برساتی رہے، اللہ ان پر اپنی دائمی رحمت کو روز افزوں بنائے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ

اے اللہ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی پاک طینت بزرگ خصلت آل پر

الْكِرَامِ صَلٰوةً مَّوْصُوْلَةً دَائِمَةَ الْاِتِّصَالِ بِدَوَامِ

رحمت نازل فرما ایسی رحمت جو مسلسل اور ہمیشہ رہے

ذِی الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

جلال و اکرام والے خدا کی ہمیشگی تک

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ ۣ الَّذِىْ هُوَ قُطْبُ الْجَلَالَةِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو عظمت کے مینار ہیں

وَشَمْسُ النُّبُوَّةِ وَالرِّسَالَةِ وَالْهَادِىْ مِنَ الضَّلَالَةِ

اور نبوت و رسالت کے آفتاب ہیں اور گمراہی سے نکال کر سیدھا راستہ دکھانے والے ہیں

وَالْمُنْقِذُ مِنَ الْجَهَالَةِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً

اور جہالت سے نکالنے والے ہیں، اللہ کا ان پر صلوٰۃ و سلام ہو

دَآئِمَةَ الْاِتِّصَالِ وَالتَّوَالِىْ مُتَعَاقِبَةً بِتَعَاقُبِ

ایسا کہ جس کا تسلسل و اتصال دائمی ہو اور دن اور رات کے پے در پے رہنے تک

الْأَيَّامِ وَاللَّيَالِىْ

پے در پے ہو

آٹھویں منزل بروز پیر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الزَّاھِدِ رَسُوْلِ الْمَلِكِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو زہد والے نبی ہیں

الصَّمَدِ الْوَاحِدِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً دَآئِمَةً

اور ایک اکیلے اللہ بے نیاز شہنشاہ کے پیغمبر ہیں اللہ کا ان پر صلوٰۃ و سلام ہو ایسی صلوٰۃ جو ہمیشہ رہے

إِلٰی مُنْتَھَی الْأَبَدِ بِلَا اِنْقِطَاعٍ وَّلَا نَفَادٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا

انتہاء ابد تک بلا انقطاع اور بلا اختتام ایسی صلوٰۃ جس کے طفیل

بِھَا مِنْ حَرِّ جَھَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِھَادُ

ہمیں سوزش جہنم سے نجات بخشے اور وہ برا ٹھکانا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْأُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ نبی امی پر اور ان کی آل پر

وَسَلِّمْ صَلٰوةً لَّا يُحْصٰى لَھَا عَدَدٌ وَّلَا يُعَدُّ لَھَا مَدَدٌ

صلوٰۃ و سلام نازل فرما ایسی صلوٰۃ جس کی گنتی نہ ہوسکے اور جس کا سلسلہ شمار میں نہ آسکے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُكْرِمُ بِھَا مَثْوَاهُ وَتُبَلِّغُ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما ایسی رحمت کہ تو اس سے ان کی آرام گاہ کی حرمت بڑھائے

بِهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الشَّفَاعَةِ رِضَاهُ

اور اس سے بروز قیامت شفاعت کر ان کی مرضی کی حد تک پہنچا دے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْأَصِيْلِ السَّيِّدِ النَّبِيْلِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر رحمت نازل فرما جو اصل کے اعتبار سے نبی ہیں، سردار ہیں، صاحب شرف ہیں

الَّذِىْ جَآءَ بِالْوَحْيِ وَالتَّنْزِيْلِ وَأَوْضَحَ بَيَانَ التَّأْوِيْلِ

جو وحی اور قرآن لے کر آئے اور تفسیر کے بیان کو واضح کیا

وَجَآءَهُ الْأَمِيْنُ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِالْكَرَامَةِ

اور ان کے پاس جبریل امین علیہ السلام احترام

وَالتَّفْضِيْلِ وَأَسْرٰى بِهِ الْمَلِكُ الْجَلِيْلُ فِى اللَّيْلِ

و عظمت کرتے ہوئے آئے اور شب تاریک و دراز میں راتوں رات

الْبَهِيْمِ الطَّوِيْلِ فَكَشَفَ لَهٗ عَنْ أَعْلَى الْمَلَكُوْتِ وَأَرَاهُ

ان کو بادشاہ باعظمت لے کر گئے پس ان کے لئے بلند ترین عالم ملکوت کے پردے اٹھا دیئے

سَنَآءَ الْجَبَرُوْتِ وَنَظَرَ إِلٰى قُدْرَةِ الْحَيِّ الدَّائِمِ الْبَاقِيْ

اور ان کو عالم جبروت کی رفعت کا نظارہ کرایا اور انہوں نے حیات و دوام اور بقاء والی ذات کی قدرت کا مشاہدہ کیا

الَّذِىْ لَا يَمُوْتُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةً مَّقْرُوْنَةً

وہ ذات جسے کبھی فنا نہیں، اللہ کا صلوٰۃ و سلام نازل ہو ان پر ایسی صلوٰۃ

بِالْجَمَالِ وَالْحُسْنِ وَالْكَمَالِ وَالْخَيْرِ وَالْإِفْضَالِ

جو حسن و جمال اور کمال اور خیر و انعام سے ملی ہوئی ہو

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْأَقْطَارِ

اے اللہ سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر بارش کے قطروں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ أَوْرَاقِ الْأَشْجَارِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر درختوں کے پتوں کے بقدر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ زَبَدِ الْبِحَارِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر سمندروں کی جھاگ کے بقدر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْأَنْهَارِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر نہروں کی تعداد کے برابر رحمت نازل فرما

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ رَمْلِ الصَّحَارٰى

اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر جنگلوں اور بیابانوں کی ریت کے بقدر رحمت نازل فرما

وَالْقِفَارِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ ثِقْلِ

اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر پہاڑوں اور پتھروں

الْجِبَالِ وَالْأَحْجَارِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

کے بوجھ کے بقدر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر اور آل سیدنا محمد ﷺ پر

عَدَدَ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَأَهْلِ النَّارِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اہل جنت کی تعداد اور اہل جہنم کی تعداد کے برابر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ الْأَبْرَارِ وَالْفُجَّارِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اور آل سیدنا محمد ﷺ پر نیکوں اور بدوں کے شمار کے برابر رحمت نازل فرما اور سیدنا محمد ﷺ پر

اٰلِ مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا يَخْتَلِفُ بِهِ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَاجْعَلِ

اور آل سیدنا محمد ﷺ پر ان چیزوں کی تعداد کے برابر رحمت نازل فرما جن پر رات اور دن کا آنا جانا ہے

اللّٰهُمَّ صَلَاتَنَا عَلَيْهِ حِجَابًا مِّنْ عَذَابِ النَّارِ وَسَبَبًا

اور اے اللہ آپ ﷺ پر ہمارے اس درود کو عذاب دوزخ سے آڑ بنا دے

لِّإِبَاحَةِ دَارِ الْقَرَارِ إِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ وَصَلَّى اللهُ

اور ہمیشہ رہنے کی جگہ یعنی جنت کی اجازت کا سبب بنا دے بے شک تو غلبہ والا اور بخشنے والا ہے اور اللہ رحمت نازل فرمائے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ وَذُرِّيَّتِهِ

سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی پاکیزہ آل اور مبارک ذریت

الْمُبَارَكِيْنَ وَصَحَابَتِهِ الْأَكْرَمِيْنَ وَأَزْوَاجِهٖ أُمَّهَاتِ

اور معزز ترین صحابہ اور ان کی بیبیوں پر جو مسلمانوں کی مائیں ہیں،

الْمُؤْمِنِيْنَ صَلٰوةً مُّوْصُوْلَةً تَتَرَدَّدُ إِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

ایسی رحمت جو روز جزا تک مسلسل ہو اور مکرر ہوتی رہے

1 اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْأَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ

اے اللہ اس ذات (محمد ﷺ) پر رحمت نازل فرما جو تمام صلحاء کے سردار اور پاک پیغمبروں کی زینت ہیں

الْأَخْيَارِ وَأَكْرَمِ مَنْ أَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَأَشْرَقَ

اور ان تمام لوگوں میں بزرگ تر ہیں جن پر رات تاریکی ڈالتی

عَلَيْهِ النَّهَارُ

اور دن روشنی ڈالتا ہے

٢ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْأَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ

اے اللہ اس ذات (محمد ﷺ) پر رحمت نازل فرما جو تمام صلحاء کے سردار اور پاک پیغمبروں کی زینت ہیں

الْأَخْيَارِ وَأَكْرَمِ مَنْ أَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَأَشْرَقَ

اور ان تمام لوگوں میں بزرگ تر ہیں جن پر رات تاریکی ڈالتی

عَلَيْهِ النَّهَارُ

اور دن روشنی ڈالتا ہے

٣ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْأَبْرَارِ وَزَيْنِ الْمُرْسَلِيْنَ

اے اللہ اس ذات (محمد ﷺ) پر رحمت نازل فرما جو تمام صلحاء کے سردار اور پاک پیغمبروں کی زینت ہیں

الْأَخْيَارِ وَأَكْرَمِ مَنْ أَظْلَمَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ وَأَشْرَقَ

اور ان تمام لوگوں میں بزرگ تر ہیں جن پر رات تاریکی ڈالتی

عَلَيْهِ النَّهَارُ

اور دن روشنی ڈالتا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا ذَا الْمَنِّ الَّذِىْ لَا يُكَافَىٰ امْتِنَانُهٗ وَالطَّوْلِ

اے اللہ اے ایسے احسان والے جس کی احسان مندی کا حق ادا نہیں ہوسکتا

الَّذِىْ لَا يُجَازٰى إِنْعَامُهٗ وَإِحْسَانُهٗ نَسْأَلُكَ بِكَ

اور اے ایسی عطا والے جس کے انعام و اکرام کا بدلہ نہیں دیا جا سکتا، ہم تجھ سے تیرا ہی واسطہ دے کر مانگتے ہیں

وَلَا نَسْأَلُكَ بِأَحَدٍ غَيْرِكَ أَنْ تُطْلِقَ أَلْسِنَتَنَا عِنْدَ

اور تجھ سے کسی غیر کا واسطہ دے کر نہیں مانگتے کہ ہماری زبانوں کو سوال کے وقت چلا دینا

السُّؤَالِ وَتُوَفِّقَنَا لِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَتَجْعَلَنَا مِنَ

اور ہمیں نیک اعمال کی توفیق دے اور ہمیں لرزہ

الْاٰمِنِيْنَ يَوْمَ الرَّجْفِ وَالزَّلَازِلِ يَا ذَا الْعِزَّةِ وَالْجَلَالِ

اور زلزلوں کے دن میں بے خوف کر دینا اے عزت و جلال والے

أَسْأَلُكَ يَا نُوْرَ النُّوْرِ قَبْلَ الْأَزْمِنَةِ وَالدُّهُوْرِ أَنْتَ

میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، اے نوروں کے نور، اوقات اور زمانوں سے بھی پہلے سے،

الْبَاقِيْ بِلَا زَوَالٍ اَلْغَنِيُّ بِلَا مِثَالٍ اَلْقُدُّوْسُ الطَّاهِرُ

تو ایسا باقی ہے جسے زوال نہیں، ایسا غنی ہے جس کی نظیر نہیں، ایسا پاک، منزہ،

الْعَلِيُّ الْقَاهِرُ الَّذِيْ لَا يُحِيْطُ بِهٖ مَكَانٌ وَلَا يَشْتَمِلُ

برتر اور غالب ہے جسے نہ کوئی جگہ گھیر سکے اور نہ زمانہ اس پر

عَلَيْهِ زَمَانٌ أَسْئَلُكَ بِأَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى كُلِّهَا وَبِأَعْظَمِ

مشتمل ہوسکے، میں تجھ سے مانگتا ہوں بوسیلہ تیرے تمام اسماء حسنٰی کے اور تیرے اس نام کے

أَسْمَائِكَ إِلَيْكَ وَأَشْرَفِهَا عِنْدَكَ مَنْزِلَةً وَّأَجْزَلِهَا

جو تیرے نزدیک اعظم اور اشرف مرتبہ والا ہے

عِنْدَكَ ثَوَابًا وَّأَسْرَعِهَا مِنْكَ إِجَابَةً وَّبِاسْمِكَ

اور کثیر ثواب والا ہے اور جلد قبولیت والا ہے اور بطفیل تیرے

الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ الْجَلِيْلِ الْأَجَلِّ الْكَبِيْرِ الْأَكْبَرِ

مستور و مخفی، جلیل الشان، کبیر اور اکبر،

الْعَظِيْمِ الْأَعْظَمِ الَّذِيْ تُحِبُّهُ وَتَرْضٰى عَمَّنْ دَعَاكَ بِهٖ

عظیم و اعظم نام کے جسے تو محبوب اور پسندیدہ سمجھتا ہے کہ کوئی تجھے اس نام سے پکارے

وَتَسْتَجِيْبُ لَهٗ دُعَآءَهٗ أَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِلَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

اور تو اس کی دعا قبول فرمائے، میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ بواسطہ اس کلمہ طیبہ کے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ

تو بے حد شفقت و احسان والا ہے، آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، صاحب جلال

وَالْإِكْرَامِ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ

اور صاحب اکرام ہے، غائب اور حاضر کا جاننے والا ہے، بڑی شان والااور بلند ترین ہے

وَأَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْأَعْظَمِ الَّذِيْ إِذَا دُعِيْتَ

اور تجھ سے مانگتا ہوں تیرے اسم اعظم کی برکت سے، جس کی شان یہ ہے کہ جب اس کے ذریعہ تجھ سے دعا مانگی گئی

بِهٖ أَجَبْتَ وَإِذَا سُئِلْتَ بِهٖ أَعْطَيْتَ وَأَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ

تو اسے تو نے قبول کیا اور جب کوئی چیز طلب کی گئی تو اسے تو نے عطا کیا اور میں تجھ سے تیرے اس نام کے واسطے سے مانگتا ہوں

الَّذِيْ يَذِلُّ لِعَظَمَتِهِ الْعُظَمَآءُ وَالْمُلُوْكُ وَالسِّبَاعُ

جس کی عظمت کے سامنے بڑے بڑے لوگ اور سلاطین اور درندے

وَالْهَوَامُّ وَكُلُّ شَيْءٍ خَلَقْتَهٗ يَا اَللّٰهُ يَا رَبِّ اسْتَجِبْ

اور حشرات الارض اور ہر چیز جسے تو نے پیدا فرمایا ہے جھک جاتے ہیں، اے اللہ اے میرے پروردگار

دَعْوَتِيْ يَا مَنْ لَّهُ الْعِزَّةُ وَالْجَبَرُوْتُ يَا ذَا الْمُلْكِ

میری دعا قبول فرمالے اے وہ ذات کہ اسی کو غلبہ اور تسلط حاصل ہے، اے ملک والے

وَالْمَلَكُوْتِ يَا مَنْ هُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ سُبْحَانَكَ رَبِّ

اور اے ملکوت والے، اے وہ حیات والے جسے فنا نہیں، اے میرے رب تو پاک ہے،

مَا أَعْظَمَ شَأْنُكَ وَأَرْفَعَ مَكَانُكَ أَنْتَ رَبِّيْ يَا مُتَقَدِّسًا

تیری شان کتنی بڑی ہے اور تیرا مرتبہ کتنا بلند ہے، تو ہی میرا رب ہے، اے پاک ذات

فِيْ جَبَرُوْتِهٖ إِلَيْكَ أَرْغَبُ وَإِيَّاكَ أَرْهَبُ يَا عَظِيْمُ

اپنی جبروتی شان میں، میں تیری ہی طرف جھکتا ہوں اور تجھ ہی سے ڈرتا ہوں اے عظمت والے

يَا كَبِيْرُ يَا جَبَّارُ يَا قَادِرُ يَا قَوِيُّ تَبَارَكْتَ يَا عَظِيْمُ

اور اے کبریائی والے، اے جبار، اے قدرت و قوت والے، تو بڑی برکت والا ہے اے عظمت والے،

تَعَالَيْتَ يَا عَلِيْمُ سُبْحَانَكَ يَا عَظِيْمُ سُبْحَانَكَ

تو عالیشان ہے اے علم والے، تو پاک ہے اے باعظمت تو پاک ہے

يَا جَلِيْلُ أَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ التَّآمِّ الْكَبِيْرِ

اے عزت والے، میں تجھ سے تیرے باعظمت و کامل اور بڑے نام کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں

أَنْ لَّا تُسَلِّطَ عَلَيْنَا جَبَّارًا عَنِيْدًا وَّلَا شَيْطَانًا مَّرِيْدًا

کہ تو ہم پر مسلط نہ فرمانا کسی جابر و شریر کو اور نہ کسی سرکش شیطان کو

وَّلَا إِنْسَانًا حَسُوْدًا وَّلَا ضَعِيْفًا مِّنْ خَلْقِكَ وَلَا شَدِيْدًا

اور نہ حاسد انسان کو اور نہ اپنی مخلوق میں سے کسی کمزور کو، نہ ہی زور آور کو

وَّلَا بَآرًّا وَّلَا فَاجِرًا وَّلَا عَنِيْدًا وَّلَا عَتِيْدًا

اور نہ کسی نیک کو اور نہ بد کو اور نہ کسی حرص والے کو نہ شرارت والے کو

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ فَإِنِّيْ أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ الَّذِيْ

اے اللہ میں تجھ سے مانگتا ہوں کیونکہ میں گواہی دیتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے،

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ الْوَاحِدُ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ

تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے، یکتا ہے، بے نیاز ہے جو ولد

وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ

اور والد ہونے سے منزہ اور پاک ہے اور اس کا کوئی ہم سر نہیں

يَا هُوَ يَا مَنْ لَّا هُوَ إِلَّا هُوَ يَا مَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ

اے وہی، اے وہ کہ بس وہی وہ ہے، اے وہ ذات کہ کوئی معبود نہیں مگر وہی،

يَا أَزَلِيُّ يَا أَبَدِيُّ يَا دَهْرِيُّ يَا دَيْمُوْمِيُّ يَا مَنْ هُوَ الْحَيُّ

اے ازلی، اے ابدی، اے قائم، اے دائم، اے وہ ذات جو ایسی حیات والا ہے

الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ يَا إِلٰهَنَا وَإِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ إِلٰهًا وَّاحِدًا

جسے موت نہیں آئے گی، اے ہمارے معبود اور ہر چیز کے معبود، تن تنہا معبود،

لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

اے اللہ آسمانوں اور زمین کو عدم سے وجود دینے والے، غائب

وَالشَّهَادَةِ الرَّحْمٰنَ الرَّحِيْمَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمَ الدَّيَّانَ

اور حاضر کے جاننے والے، رحمن و رحیم اور حی اور قیوم، بیش بہا عطا کرنے والے

الْحَنَّانَ الْمَنَّانَ الْبَاعِثَ الْوَارِثَ ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ

احسان و اکرام کرنے والے، مالک حشر، سب کے وارث، صاحب جلال و اکرام،

قُلُوبُ الْخَلَآئِقِ بِيَدِكَ نَوَاصِيهِمْ إِلَيْكَ فَأَنْتَ تَزْرَعُ

تمام مخلوقات کے قلوب تیرے قبضہ میں ہیں، سب کی پیشانیاں تیرے ہاتھ میں ہیں، تو ہی خیر کو

الْخَيْرَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ وَتَمْحُو الشَّرَّ إِذَا شِئْتَ مِنْهُمْ

ان کے دلوں میں پروان چڑھاتا ہے اور شر کو مٹاتا ہے جب چاہتا ہے،

فَأَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ أَنْ تَمْحُوَ مِنْ قَلْبِيْ كُلَّ شَيْءٍ تَكْرَهُهٗ

پس میں تجھ سے التجا کرتا ہوں اے اللہ کہ میرے قلب سے ہر اس چیز کو مٹا دے جو تجھے ناپسند ہو

وَأَنْ تَحْشُوَ قَلْبِيْ مِنْ خَشْيَتِكَ وَمَعْرِفَتِكَ وَرَهْبَتِكَ

اور میرے قلب میں اپنا خوف اور اپنی معرفت اور اپنا ڈر،

وَالرَّغْبَةَ فِيْمَا عِنْدَكَ وَالْأَمْنَ وَالْعَافِيَةَ وَاعْطِفْ

اور اپنے پاس کی چیزوں کی رغبت اور امن اور عافیت بھر دے

عَلَيْنَا بِالرَّحْمَةِ وَالْبَرَكَةِ مِنْكَ وَأَلْهِمْنَا الصَّوَابَ

اور ہم پر اپنی رحمت و برکت سے نظر شفقت فرما اور ہمیں اصابت

وَالْحِكْمَةَ فَنَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ عِلْمَ الْخَآئِفِيْنَ وَإِنَابَةَ

اور دانش بخش دے، اے اللہ ہم تجھ سے ڈرنے والوں جیسا علم

الْمُخْبِتِيْنَ وَإِخْلَاصَ الْمُوْقِنِيْنَ وَشُكْرَ الصَّابِرِيْنَ

اور تیرے سامنے جھکنے والوں جیسی توجہ اور اہل یقین جیسا اخلاص اور صابروں کے جیسا شکر

وَتَوْبَةَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَنَسْئَلُكَ اللّٰهُمَّ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

اور صدیقین کے جیسی توبہ مانگتے ہیں اور اے اللہ ہم تجھ سے تیری ذات کے اس نور کے طفیل مانگتے ہیں

الَّذِىْ مَلَأَ أَرْكَانَ عَرْشِكَ أَنْ تَزْرَعَ فِىْ قَلْبِىْ مَعْرِفَتَكَ

کہ جس نے تیرے عرش کے گوشوں کو پُر کردیا ہے کہ میرے قلب میں اپنی معرفت کو اُگا دے

حَتّٰى أَعْرِفَكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ كَمَا يَنْبَغِىْ أَنْ تُعْرَفَ بِهٖ

تاکہ میں تجھے ایسا پہچانوں جیسا تجھے پہچاننے کا حق ہے اور جیسا پہچانا جانا تیرے شایانِ شان ہے،

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَنَبِيِّنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ

اور اللہ کی رحمت نازل ہو ہمارے آقا اور ہمارے نبی اور ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر

النَّبِيِّيْنَ وَإِمَامِ الْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

جو نبیوں میں آخری نبی اور پیغمبروں کے امام ہیں اور ان کی آل پر اور ان کے صحابہ پر، اور سلام نازل فرما،

تَسْلِيْمًا وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَهُوَ حَسْبُنَا وَنِعْمَ

اور تمام تعریفیں اللہ ہی کو زیبا ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے، اور وہی ہمیں کافی ہے

الْوَكِيْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اور وہ بڑا اچھا کارساز ہے اور نہ زور ہے نہ طاقت مگر اللہ برتر و باعظمت کی طرف سے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِمُؤَلِّفِهٖ وَلِقَارِئِهٖ وَلِكَاتِبِهٖ وَارْحَمْهُمْ

اے اللہ اس کتاب کے مؤلف اور اس کتاب کے پڑھنے والے اور لکھنے والے کی مغفرت فرما اور ان پر رحم فرما

وَاجْعَلْهُمْ مِنَ الْمَحْشُوْرِيْنَ فِىْ زُمْرَةِ النَّبِيِّيْنَ

اور انہیں اپنے فضل سے ان لوگوں میں شامل فرما جن کا حشر قیامت کے دن انبیاء علیہم السلام

وَالصِّدِّيْقِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ بِفَضْلِكَ يَا رَحْمٰنُ

اور صدیقین کے ساتھ ہوگا اے بے حد رحم کرنے والے

وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِمُصَحِّحِهٖ عَبْدِكَ مُحَمَّدٍ عَبْدِالْحَقِّ

اور اے اللہ اس کتاب کی تصحیح کرنے والے تیرے بندے محمد عبدالحق کی

وَلِوَالِدَيْهِ وَلِأَشْيَاخِهٖ وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ وَأَجَازَهٗ

اور اس کے والدین کی اور اس کے مشائخ کی اور تمام مسلمانوں کی مغفرت فرما

لِلشَّيْخِ وَلِيِّ اَحْمَدَ وَأَجَازَهٗ لِلشَّيْخِ مُحَمَّدٍ قَمَرٍ

اور عبدالحق نے اس کتاب کے پڑھنے کی اجازت دی شیخ ولی احمد کو اور انہوں نے شیخ محمد قمر کو اجازت دی

وَأَجَازَهٗ لِلشَّيْخِ فَضْلِ مُحَمَّدٍ وَأَجَازَهٗ لِلشَّيْخِ شَمْسِ

اور انہوں نے شیخ فضل محمد کو اجازت دی اور انہوں نے مولانا شمس الرحمن صاحب

الرَّحْمٰنِ أَدَامَ اللهُ بَرَكَاتِهٖ وَمَتَّعَنَا بِطُوْلِ حَيَاتِهٖ

کو اجازت دی اللہ تعالیٰ حضرت کی برکات کو دوام بخشے اور حضرت کو لمبی زندگی عطا فرما کر ہمیں ان سے فائدہ پہنچائے

وَأَجَازَهٗ لِلْأَخِ / لِلْأُخْتِ.................................

اور مولانا شمس الرحمن صاحب نے اجازت دی .... کو

وَأَجَازَ .... لِلْأَخِ / لِلْأُخْتِ ....

اور انہوں نے اجازت دی .... کو

وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِمُصَحِّحِهٖ وَمُرَتِّبِهٖ عَبْدِكَ سَعْدِ بْنِ

اور اے اللہ اس موجودہ کتاب کو ترتیب دینے والے اور اس کی تصحیح کرنے والے تیرے بندے سعد بن عبدالرزاق کی

عَبْدِ الرَّزَّاقِ وَلِوَالِدَيْهِ وَلِأَخِيْهِ وَلِأَخَوَاتِهٖ وَلِأَهْلِهٖ

مغفرت فرما اور اس کے والدین کی اور اس کے بھائی کی اور اس کی بہنوں کی اور اس کے گھر والوں کی مغفرت فرما

وَلِأَوْلَادِهٖ وَلِشَيْخِهٖ وَاصِفِ بْنِ مَنْظُوْرٍ وَلِأَسَاتِذَتِهٖ

اور اس کی اولاد کی اور اس کے شیخ حضرت واصف منظور صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی اور اس کے اساتذہ کرام کی مغفرت فرما

وَلِأَشْيَاخِهٖ وَلِمَنْ أَعَانُوْهُ فِيْ تَصْحِيْحِ وَإِشَاعَةِ هٰذَا

اور اس کے مشائخ کی اور ان تمام لوگوں کی جنھوں نے اس کتاب کی تصحیح اور اشاعت میں سعد کی مدد فرمائی

الْكِتَابِ وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاغْفِرِ اللّٰهُمَّ لَنَا

اور تمام مسلمانوں کی مغفرت فرما اور اے اللہ

وَلِوَالِدِيْنَا وَلِأُسْتَاذِيْنَا وَلِمَشَائِخِنَا وَلِجَمِيْعِ

ہمیں اور ہمارے والدین کو اور ہمارے اساتذہ کو اور ہمارے مشائخ کو

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اور تمام مؤمن مردوں اور مؤمن عورتوں کو اور تمام مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کو

اَلْأَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْأَمْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ

چاہے وہ زندہ ہوں یا ان کا انتقال ہوچکا ہو اپنی رحمت سے بخش دے

يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے

ذیل میں دیئے گئے چاروں درود شریف کو چودہ چودہ بار پڑھئے

۱ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى بَدْرِ التَّمَامِ

اے اللہ چودھویں رات کے پورے چاند (محمد ﷺ) پر رحمت نازل فرما

۲ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى نُوْرِ الظَّلَامِ

اے اللہ اندھیروں کی روشنی (محمد ﷺ) پر رحمت نازل فرما

۳ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مِفْتَاحِ دَارِ السَّلَامِ

اے اللہ سلامتی کے گھر (جنت) کی چابی (محمد ﷺ) پر رحمت نازل فرما

۴ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الشَّفِيْعِ فِيْ جَمِيْعِ الْأَنَامِ

اے اللہ تمام عالم کی شفاعت کرنے والے (محمد ﷺ) پر رحمت نازل فرما

اس کے بعد ان اشعار کو پڑھئے

يَا رَحْمَةَ اللهِ إِنِّيْ خَائِفٌ وَّجِلٌ

اے اللہ کی طرف سے رحمت بے شک میں خوفزدہ اور لرزاں ہوں

يَا نِعْمَةَ اللهِ إِنِّيْ مُفْلِسٌ عَانِ

اے اللہ کی طرف سے نعمت بے شک میں محتاج اور عاجز ہوں

وَلَيْسَ لِيْ عَمَلٌ أَلْقَى الْعَلِيْمَ بِهٖ

میرے پاس کوئی ایسا عمل نہیں جس کے ساتھ میں اس علیم ذات کی بارگاہ میں حاضری دوں

سِوٰى مَحَبَّتِكَ الْعُظْمٰى وَإِيْمَانِيْ

(کیونکہ) میرے پاس سوائے آپ ﷺ کی عظیم محبت اور ایمان کے کچھ بھی نہیں

فَكُنْ أَمَانِيَ مِنْ شَرِّ الْحَيٰوةِ وَمِنْ

تو آپ زندگی کے شر سے میری پناہ بن جایئے اور

شَرِّ الْمَمَاتِ وَمِنْ إِحْرَاقِ جُثْمَانِيْ

موت کی برائی اور میرے جسم کے جلنے سے (میری پناہ بن جایئے)

وَكُنْ غِنَايَ الَّذِيْ مَا بَعْدَهٗ فَلَسٌ

اور آپ میرے لئے ایسی تونگری کا سبب بن جایئے جس کے بعد مفلسی نہ ہو

وَكُنْ فَكَاكِيَ مِنْ أَغْلَالِ عِصْيَانِيْ

اور میرے گناہوں کے طوقوں سے میری رہائی کا سبب بن جایئے

تَحِيَّةُ الصَّمَدِ الْمَوْلٰى وَرَحْمَتُهٗ

اللہ مالک بے نیاز کا تحفہ اور اس کی رحمت

مَا غَنَّتِ الْوُرْقُ فِيْ أَوْرَاقِ أَغْصَانِ

جب تک شاخوں کے پتوں پر قمریاں آپ کی عظمت کے گیت گنگناتی رہیں

عَلَيْكَ يَا عُرْوَتِيَ الْوُثْقٰى وَيَا سَنَدِيْ

آپ کی ذات پر بھروسہ ہے آپ میرے مضبوط سہارے اور قابل اعتماد ذات ہیں

اَلْأَوْفٰى وَمَنْ مَّدْحُهٗ رَوْحِيْ وَرَيْحَانِيْ

کامل ہیں اور وہ کہ جن کی تعریف میرے لئے راحت اور فرحت کا سبب ہے

پھر ان اشعار کو پڑھئے

نَبِيَّ الْهُدٰى ضَاقَتْ بِيَ الْحَالُ فِي الْوَرٰى

اے ہدایت فرمانے والے نبی اس دنیا میں میرا حال تنگ ہوگیا ہے

وَأَنْتَ لِمَآ أَمَّلْتُ فِيْكَ جَدِيْرُ

اور آپ ہی وہ ذات ہیں کہ میں آپ سے کوئی تمنا کرسکوں

فَسَلْ خَالِقِيْ تَفْرِيْجَ كَرْبِيْ فَإِنَّهٗ

آپ اپنے خالق سے میرے لئے سوال (دعا) کریں کہ میری تکالیف دور ہوجائیں

عَلٰى فَرَجِيْ دُوْنَ الْأَنَامِ قَدِيْرُ

کیونکہ تمام مخلوق کے علاوہ صرف وہی میری تکالیف کے دور کرنے پر قادر ہے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ اشْرَحْ بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ صُدُوْرَنَا وَيَسِّرْ بِهَا أُمُوْرَنَا

اے اللہ آنحضرت ﷺ پر درود پڑھنے کی برکت سے ہمارے سینے کھول دے اور اس کی برکت سے ہمارے کام آسان فرما

وَفَرِّجْ بِهَا هُمُوْمَنَا وَاكْشِفْ بِهَا غُمُوْمَنَا وَاغْفِرْ بِهَا

اور اس کی برکت سے ہماری فکروں کو دفع فرما اور اس کی برکت سے ہمارے غم زائل فرما اور اس کی برکت سے

ذُنُوْبَنَا وَاقْضِ بِهَا دُيُوْنَنَا وَأَصْلِحْ بِهَا أَحْوَالَنَا وَبَلِّغْ

ہمارے گناہ بخش دے اور اس کی برکت سے ہمارے قرض ادا کروادے اور اس کی برکت سے ہماری حالتیں سنوار دے

بِهَا اٰمَالَنَا وَتَقَبَّلْ بِهَا تَوْبَتَنَا وَاغْسِلْ بِهَا حُوْبَتَنَا

اوراس کی برکت سے ہماری مرادیں پوری فرمااوراس کی برکت سے ہماری توبہ قبول فرمااوراس کی برکت سے ہماری خطا دھودے

وَانْصُرْ بِهَا حُجَّتَنَا وَطَهِّرْ بِهَا أَلْسِنَتَنَا وَاٰنِسْ بِهَا

اور اس کی برکت سے ہماری حجت کو غلبہ بخش اور اس کی برکت سے ہماری زبانیں پاک فرما اور اس کی برکت سے

وَحْشَتَنَا وَارْحَمْ بِهَا غُرْبَتَنَا وَاجْعَلْهَا نُوْرًا بَيْنَ

ہماری وحشت کو انس سے بدل دے اور اس کی برکت سے ہماری کسمپرسی پر رحم فرما اور اس کو نور بنا دے

أَيْدِيْنَا وَمِنْ خَلْفِنَا وَعَنْ أَيْمَانِنَا وَعَنْ شَمَآئِلِنَا

ہمارے آگے کی جانب اور پیچھے کی جانب اور دائیں جانب اور بائیں جانب

وَمِنْ فَوْقِنَا وَمِنْ تَحْتِنَا وَفِيْ حَيَاتِنَا وَمَوْتِنَا وَفِيْ

اور اوپر کی جانب اور نیچے کی جانب اور ہمارے جینے میں اور مرنے میں

قُبُوْرِنَا وَحَشْرِنَا وَنَشْرِنَا وَظِلًّا فِيْ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ عَلٰى

اور ہماری قبروں میں اور حشر و نشر میں اور اے بروز قیامت سایہ بنا

رُؤُوْسِنَا وَثَقِّلْ بِهَا مَوَازِيْنَ حَسَنَاتِنَا وَأَدِمْ بَرَكَاتِهَا

ہمارے سروں پر اور اس کی برکت سے ہماری نیکیوں کے پلڑے وزنی کردے اور اس کی برکتیں ہم پر ہمیشہ رکھ

عَلَيْنَا حَتّٰى نَلْقٰى نَبِيَّنَا وَسَيِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

یہاں تک کہ ہم ملیں اپنے نبی اور ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ سے

وَسَلَّمَ وَنَحْنُ اٰمِنُوْنَ مُطْمَئِنُّوْنَ فَرِحُوْنَ مُسْتَبْشِرُوْنَ

اس حال میں کہ ہم بے خوف و مطمئن اور فرحاں و شاداں ہوں

وَلَا تُفَرِّقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ حَتّٰى تُدْخِلَنَا مُدْخَلَهٗ وَتُؤْوِيَنَا

اور ہمارے اور ان کے درمیان جدائی نہ ڈالنا یہاں تک کہ تو ہمیں ان کے محل میں داخل فرمائے

إِلٰى جِوَارِهِ الْكَرِيْمِ مَعَ الَّذِيْنَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ

اور ان کے محترم ہمسایہ میں جگہ بخشے ان حضرات کے ہمراہ جن پر تو نے انعام فرمایا

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ

یعنی انبیاء علیہم السلام اور صدیقین اور شہداء اور صالحین

أُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا اَللّٰهُمَّ إِنَّآ اٰمَنَّا بِهٖ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور یہ رفیق کیا ہی اچھے ہیں اے اللہ ہم آنحضرت ﷺ پر ایمان لائے

وَلَمْ نَرَهٗ فَمَتِّعْنَا اللّٰهُمَّ فِي الدَّارَيْنِ بِرُؤْيَتِهٖ وَثَبِّتْ

حالانکہ ہم نے انہیں دیکھا نہیں ہے، تو اے اللہ ہمیں دین و دنیا میں ان کا دیدار نصیب فرما

قُلُوْبَنَا عَلٰى مَحَبَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا عَلٰى سُنَّتِهٖ وَتَوَفَّنَا عَلٰى

اور ہمارے دلوں کو ان کی محبت پر قائم رکھ اور ہمیں ان کی سنت کا عامل بنا اور ہمیں ان کے طریقے پر موت دینا

مِلَّتِهٖ وَاحْشُرْنَا فِيْ زُمْرَتِهِ النَّاجِيَةِ وَحِزْبِهِ الْمُفْلِحِيْنَ

اور ہمارا حشر فرمانا ان کے نجات یافتہ گروہ اور ان کی بامراد جماعت میں

وَانْفَعْنَا بِمَا انْطَوَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُنَا مِنْ مَّحَبَّتِهٖ صَلَّى اللّٰهُ

اور ہمیں نفع بخشنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس محبت سے جس پر ہمارے قلوب مشتمل ہیں

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ لَا جَدَّ وَلَا مَالَ وَلَا بَنِيْنَ وَأَوْرِدْنَا

اس دن کہ جس دن نہ تونگری (کام آئے گی) اور نہ ہی مال اور اولاد اور ہمیں ان کے

حَوْضَهُ الْأَصْفٰى وَاسْقِنَا بِكَأْسِهِ الْأَوْفٰى وَيَسِّرْ عَلَيْنَا

صاف ترین حوض پر پہنچانا اور ہمیں ان کے بھرپور پیالے سے پلانا اور ہمارے لئے

زِيَارَةَ حَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُمِيْتَنَا وَأَدِمْ عَلَيْنَا

ان کے حرم (مدینہ) اور اپنے حرم (مکہ) کی زیارت آسان فرما ہمیں موت دینے سے پہلے پہلے،

الْإِقَامَةَ بِحَرَمِكَ وَحَرَمِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى أَنْ

اور ہمیں دائمی قیام نصیب فرما اپنے حرم (مکہ) اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حرم (مدینہ) میں یہاں تک کہ

نُّتَوَفّٰى اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْتَشْفِعُ بِهٖ إِلَيْكَ إِذْ هُوَ أَوْجَهُ

ہمارا انتقال ہوجائے اے اللہ ہم ان کو تیری بارگاہ میں شفیع لاتے ہیں کیونکہ وہی جملہ شفعاء میں

الشُّفَعَآءِ إِلَيْكَ وَنُقْسِمُ بِهٖ عَلَيْكَ إِذْ هُوَ أَعْظَمُ مَنْ

تیرے نزدیک وقیع ترین ہیں اور ہم آپ کو ان کی قسم دیتے ہیں کیونکہ وہی ان سب میں بڑے ہیں جن کے حق کی

أُقْسِمَ بِحَقِّهٖ عَلَيْكَ وَنَتَوَسَّلُ بِهٖ إِلَيْكَ إِذْ هُوَ أَقْرَبُ

آپ کو قسم دی جائے اور ہم آپ کے دربار میں ان کا وسیلہ لاتے ہیں کیونکہ وہی تمام وسیلوں میں

الْوَسَائِلِ إِلَيْكَ نَشْكُوْ إِلَيْكَ يَا رَبِّ قَسْوَةَ قُلُوْبِنَا

آپ کے قریب ترین ہیں، ہم شکوہ کرتے ہیں تجھ سے اے رب اپنی سخت دلی کا

وَكَثْرَةَ ذُنُوْبِنَا وَطُوْلَ اٰمَالِنَا وَفَسَادَ أَعْمَالِنَا وَتَكَاسُلَنَا

اور کثرت گناہ کا اور لمبی آرزوؤں کا اور اعمال کی خرابی کا اور طاعتوں سے

عَنِ الطَّاعَاتِ وَهُجُوْمَنَا عَلَى الْمُخَالَفَاتِ فَنِعْمَ

اپنی کاہلی کا اور مخالفتوں پہ گرے پڑنے کا اے میرے رب

الْمُشْتَكٰى إِلَيْهِ أَنْتَ يَا رَبِّ بِكَ نَسْتَنْصِرُ عَلٰى أَعْدَآئِنَا

تو کیا ہی اچھا فریاد رس ہے ہم اپنے دشمنوں اور اپنے نفسوں کے خلاف تجھ سے ہی

وَأَنْفُسِنَا فَانْصُرْنَا وَعَلٰى فَضْلِكَ نَتَوَكَّلُ فِيْ صَلَاحِنَا

مدد مانگتے ہیں پس تو ہماری مدد فرما اور ہم اپنی فلاح و بہبود میں تیرے ہی فضل پر بھروسہ رکھتے ہیں

فَلَا تَكِلْنَا إِلٰى غَيْرِكَ يَا رَبَّنَا اَللّٰهُمَّ وَإِلٰى جَنَابِ

پس اے ہمارے رب تو ہمیں کسی دوسرے کے حوالہ نہ فرما اور اے اللہ ہم تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

رَسُوْلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَنْتَسِبُ فَلَا تُبَعِّدْنَا

کی بارگاہ ہی کی طرف منسوب ہیں پس تو ہمیں دور نہ فرما

وَبِبَابِكَ نَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنَا وَإِيَّاكَ نَسْأَلُ فَلَا تُخَيِّبْنَا

اور ہم تیرے ہی دروازے پر کھڑے ہیں پس تو ہمیں مت دھتکارنا اور ہم تجھ ہی سے مانگتے ہیں پس تو ہمیں محروم نہ فرما۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ تَضَرُّعَنَا وَاٰمِنْ خَوْفَنَا وَتَقَبَّلْ أَعْمَالَنَا

اے اللہ ہماری آہ وزاری پر رحم فرما اور ہمارے خوف کو امن سے بدل دے اور ہمارے اعمال قبول فرمالے

وَأَصْلِحْ أَحْوَالَنَا وَاجْعَلْ بِطَاعَتِكَ اشْتِغَالَنَا وَإِلَى

اور ہمارے حالات سنوار دے اور اپنی طاعت کو ہمارا مشغلہ بنادے

الْخَيْرِ مَاٰلَنَا وَحَقِّقْ بِالزِّيَادَةِ اٰمَالَنَا وَاخْتِمْ بِالسَّعَادَةِ

اور ہمارا انجام بھلائی کی طرف کردے اور ہماری تمنائیں مع اضافہ کے پوری فرمادے اور ہماری عمر کا خاتمہ

اٰجَالَنَا هٰذَا ذُلُّنَا ظَاهِرٌ بَيْنَ يَدَيْكَ وَحَالُنَا لَا يَخْفٰى

سعادت پر فرما، یہ ہماری خواری تیرے سامنے ظاہر ہے اور ہماری (اندرونی) حالت بھی تجھ پر پوشیدہ نہیں

عَلَيْكَ أَمَرْتَنَا فَتَرَكْنَا وَنَهَيْتَنَا فَارْتَكَبْنَا وَلَا يَسَعُنَا

تونے ہمیں حکم دیا تو ہم نے اس پر عمل نہیں کیا اور تونے ہمیں منع فرمایا تو ہم پھر بھی اس کام کو کرتے رہے اور ہمارے لئے

إِلَّا عَفْوُكَ فَاعْفُ عَنَّا يَا خَيْرَ مَأْمُوْلٍ وَأَكْرَمَ مَسْئُوْلٍ

بجز تیری معافی کے کوئی گنجائش نہیں پس تو ہمیں معاف فرمادے اے بہترین امید گاہ اور بزرگ ترین داتا

إِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِيْمٌ غَفُوْرٌ رَّؤُفٌ رَّحِيْمٌ يَآ أَرْحَمَ

بے شک تو معاف کرنے والا، شفیق بخشنے والا، مہربان اور رحیم ہے

الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ

اے ارحم الراحمین اور اللہ رحمت نازل فرمائے سیدنا محمد ﷺ پر اور ان کی آل پر

وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اور ان کے صحابہ پر اور بکثرت سلام نازل فرمائے اور سب تعریف زیبا ہے اللہ رب العالمین کو